100 شرعی مسائل کا مجموعہ

(حصہ-7)

مصنف

ابو البنات محمد فراز عطاری مدنی مدظلہ العالی

نظر ثانی

ابو احمد مفتی انس رضا قادری

الحمد للہ اب تک 32 کتابیں پی ڈی ایف کی صورت میں آچکی ہیں جن میں سے 8 اعلی حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے رسالوں کی تلخیص ہیں۔

رسالوں کے نام یہ ہیں

(1) نبی ہمارے بڑی شان والے (تجلی الیقین)
(2) والدین مصطفی جنتی جنتی (شمول الاسلام)
(3) دافع البلاء (الامن و العلی)
(4) نبی مختار کل ہیں (منیۃ اللبیب)
(5) دیدار خدا (منیۃ المنیۃ)
(6) نور مصطفی (صلات الصفا)
(7) سایہ نہیں کوئی (نفی الفیئ)
(8) رحمت کا سایہ (قمر التمام)

باقی کتابوں کے نام یہ ہیں

(9) خلاصہ تراویح (30 پاروں کا اردو خلاصہ)
(10) ھدایۃ البریۃ فی شرح الاربعین النوویہ (اربعین نوویہ کا اردو خلاصہ)
(11) اعلی حضرت اور فن شاعری
(12) غزوہ بدر اور فضائل اہل بدر
(13) جنت البقیع میں آرام فرما چند صحابہ کرام
(14) درس سیرت
(15) پیارے نبی کے پیارے نام
(16) الادعیۃ النبویۃ من الاحادیث المصطفویہ (نبوی دعائیں)

(17)قواعد المیراث

(18)شان صدیق اکبر

(19)خلافت فاروق اعظم

(20)فیضان عثمان غنی

(21)سیرت عبد اللہ شاہ غازی

(22)قیام پاکستان اور علماء اہلسنت

(23)واقعہ کربلا(مختصر)

(24)عدت اور سوگ کے احکام

(25)رزق حلال کے فضائل اور حرام کی نحوستیں

(26)100 شرعی مسائل کا مجموعہ(حصہ 1)

(27) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ(حصہ 2)

(28) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ(حصہ 3)

(29) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ(حصہ 4)

(30) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ(حصہ 5)

(31) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ(حصہ 6)

(32) امیر اہلسنت اور فن شاعری

نوٹ: ان کتابوں کو حاصل کرنے کے لئے

اس نمبر پر واٹس ایپ کریں

03333231223

فہرست

عقائد و معمولات

احادیث وروایات

طہارت

نماز

جمعہ

مسافر کی نماز

جنازہ

روزہ

زکوٰۃ

حج وعمرہ

نکاح وطلاق

قسم

کاروبار

خواتین کے مسائل

جائز وناجائز

متفرق

وراثت

عقائد و معمولات

1 اللہ نے سوچا ہو گا کہنا

سوال: بعض لوگ کہتے ہیں کہ اللہ نے تمہارے لئے اچھا سوچا ہو گا، یہ کہنا کیسا؟

User ID: نقیب احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

اللہ پاک کے لئے لفظ سوچنا یا سوچا کا استعمال ناجائز ہے کیونکہ اللہ پاک سوچنے سے پاک ہے۔ ہمارے ہاں علم کی کمی اور الفاظ کا درست انتخاب نہ ہونے کی وجہ سے ارادے کی جگہ سوچ کا لفظ استعمال کر دیتے ہیں اور مراد ارادہ فرمانا ہوتا ہے۔ لوگوں کو چاہیے کہ اس کی جگہ لفظ فیصلہ یا مقدر استعمال کریں، البتہ کسی کا عقیدہ ہی یہ ہو کہ معاذ اللہ پاک قادر نہیں یا عالم الغیب نہیں اور بعد میں سوچا ہے کہ کیا کرنا ہے تو یہ الفاظ استعمال کرنا صریح کفر ہے۔ مفتی شریف الحق امجدی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "یہ جملہ کہ "اللہ بھی اپنے دل میں سوچتا ہو گا" یقیناً صریح کفر ہے، اس جملے میں تین کفریات ہیں۔۔۔ دوسرا یہ کہ اس نے کہا سوچتا ہو گا۔ سوچتا وہ ہے جو عالم الغیب نہ ہو اور قدرت نہ رکھتا ہو۔ اللہ تعالیٰ کے لیے سوچنے کا اثبات اس کے قادر ہونے اور عالم الغیب ہونے سے انکار ہے۔"

(ماخوذ از: فتاوی شارح بخاری، جلد 1، صفحہ 162، دائرۃ البرکات)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

18 رجب المرجب 1444ھ / 10 فروری 2023ء

2 مسلمان کو کافر کہنا

سوال: کسی مسلمان کو مذاق میں کافر کہنا کیسا؟

User ID: تنویر قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

کسی مسلمان کو مذاق میں بھی کافر کہنا جائز نہیں، اگر گالی گلوچ کے طور پر کہا تو کہنے والا گناہ گار ہوگا اور اگر اس نے اپنے اعتقاد میں دوسرے کا کافر سمجھ کر کہا تو سامنے والا ایسا نہیں تو بولنے والے پر کفر لوٹے گا اور کہنے والا کافر ہو جائے گا۔ فتاوی شارح بخاری میں ہے: "اگر اس نے اس مسلمان کو گالی گلوج کے طور پر کافر کہا ہے جیسا کہ سوال میں ظاہر ہے تو کہنے والا گنہگار ہوا۔ کافر نہ ہوا ،اور اگر اس نے اعتقاد کر کے کافر کہا ہے تو کہنے والا خود کافر ہے۔"

(فتاوی شارح بخاری، جلد2، صفحہ 379)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

02 شعبان المعظم 1444ھ/23 فروری 2023ء

احادیث وروایات

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

3

قرب قیامت قسطنطنیہ

سوال: کیا ایسا ہے کہ قرب قیامت قسطنطنیہ مسلمانوں کے قبضہ سے نکل جائے گا؟

User ID: زوہیب حسان

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مسلم شریف کی طویل حدیث پاک میں یہ الفاظ بھی ہیں: "فیفتتحون قسطنطنیہ"۔ (مسلم، حدیث 2897)

مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ حدیث پاک کے اس حصے کے تحت فرماتے ہیں: "قسطنطنیہ روم کا مشہور شہر ہے جسے آج استنبول کہتے ہیں، یہ ایک بار زمانہ صحابہ کرام میں فتح ہو چکا ہے اور اب تک مسلمانوں کے قبضہ میں ہے یہ پھر مسلمانوں کے ہاتھ سے نکل جاوے گا اور قریب قیامت پھر مسلمان اسے فتح کریں گے۔" (مرآۃ المناجیح، جلد 7، صفحہ 258)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

07 رجب المرجب 1443ھ / 30 جنوری 2023ء

4 آدم علیہ السلام کس جنت میں تھے

سوال: آدم علیہ السلام جب جنت سے آئے تو کون سی جنت میں تھے؟ حقیقی جنت میں تھے یا دنیا میں کوئی اونچی سطح پر باغ تھا جہاں سے نیچے تشریف لائے۔

User ID:زاہد عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حضرت آدم علیہ السلام کو اسی جنت میں رکھا گیا تھا جو قیامت میں نیکوں کو عطا ہوگی، وہ کوئی دنیاوی باغ نہیں تھا۔ مفتی قاسم صاحب لکھتے ہیں: "حضرت آدم علیہ السلام اسی مشہور جنت میں رکھے گئے تھے جو بعد قیامت نیکوں کو عطا ہوگی، وہ کوئی دنیاوی باغ نہ تھا اور اس کی بڑی واضح دلیل یہ ہے کہ قرآن میں ہی اللہ تعالی نے فرمادیا کہ اس جنت میں نہ تمہیں دھوپ پہنچے گی اور نہ ہی بھوک پیاس اور یہ صفات باغاتِ جنت کی ہیں جبکہ دنیوی باغ خواہ کتنا ہی گھنا کیوں نہ ہو اس میں دھوپ ضرور ہوتی ہے، یہ نہیں ہوتا ہے پورا باغ ڈھکا ہوا ہو اور اس میں اصلا دھوپ نہ آئے۔ (سیرت الانبیاء، صفحہ 104)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

07 رجب المرجب 1443ھ / 30 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

5 شوہر کو سجدہ

سوال: کیا ایسی کوئی حدیث ہے کہ اگر میں کسی کو سجدے کا حکم دیتا تو بیوی کو دیتا؟

User ID: اکرم سولنگی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

حدیث کی کتابوں کے اندر یہ روایت موجود ہے۔ چنانچہ ترمذی شریف میں ہے: "لو کنت آمرا احدا ان یسجد لاحد لامرت المراۃ ان تسجد لزوجھا" ترجمہ: اگر میں کسی کو کسی کے لئے سجدہ کا حکم دیتا تو عورت کو حکم دیتا کہ وہ اپنے شوہر کو سجدہ کرے۔

(ترمذی، ابواب الرضاع عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، حدیث 1159)

شرح: "اگر مخلوق میں سے کسی کو سجدۂ تعظیمی کرنے کی اجازت ہوتی تو عورت کو حکم دیا جاتا کہ وہ اپنے شوہر کو سجدہ کرے کیونکہ بیوی پر شوہر کے کثیر حقوق ہیں جن کی ادائیگی سے وہ عاجز ہے۔ اس حدیث پاک میں عورت پر اپنے شوہر کی اطاعت کرنے کے وجوب میں انتہائی مبالغہ ہے۔ اللہ پاک کے علاوہ کسی کو سجدہ کرنا حلال نہیں۔"

(مرقاۃ المفاتیح، جلد 6، کتاب النکاح، صفحہ 369، تحت الحدیث: 3255، دار الکتب العلمیہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم

کتبــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

13 رجب المرجب 1443ھ / 05 فروری 2022

6 زلزلہ کی وجہ

سوال: زلزلہ آنے کی وجوہات کیا ہیں؟

User ID: علامہ احمد فیضی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

زلزلہ قدرتی آفت ہے جو اللہ کے حکم سے ہی آتا ہے مگر اس کے آنے کی اصل وجہ بندوں کے گناہ ہیں۔ روایۃ لیث، عن شهر، قال: زلزلت المدينة على عهد النبی، فقال النبی صلى الله عليه وسلم: إن الله يستعتبكم فاعتبوه ترجمہ: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں مدینے میں زلزلہ آیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (اس کا سبب یہ ہے کہ) اللہ پاک ارادہ فرماتا ہے کہ تم اس کو راضی کرو لہذا اے لوگو! اللہ کو راضی کرو۔
(فتح الباری لابن رجب، جلد 9، صفحہ 246، مکتبہ الغرباء الاثریہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

14 رجب المرجب 1443ھ / 06 فروری 2022

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

7 جو مولا علی کو ابو بکر صدیق سے افضل بتائے

سوال: کیا حضرت علی کا یہ فرمان ہے کہ جو مجھے ابو بکر و عمر سے افضل بتائے میں اسے اسی کوڑے لگاؤں گا؟

User ID: عامر عبد الرحمن عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مختلف کتابوں میں یہ روایت موجود ہے اور اس سے ملتے جلتے الفاظ بھی بعض دیگر روایات میں ہیں۔ چنانچہ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے فضائل صحابہ میں نقل کرتے ہیں: "عن الحکم بن جحل قال سمعت علیا یقول لایفضلنی احد علی ابی بکر و عمر الا جلدته حد المفتری" ترجمہ: حکم بن جحل سے روایت ہے کہتے ہیں میں نے حضرت علی کو فرماتے ہوئے سنا کوئی مجھے ابو بکر و عمر (رضی اللہ عنھما) سے افضل نہ بتائے ورنہ میں اسے بہتان باندھنے والے کی سزا دوں گا۔

(فضائل الصحابہ، ج1، ص83، ح49، ج1، ص294، ح387، مؤسسۃ الرسالہ، الکفایہ فی علم الروایہ، ص376، المکتبۃ العلمیہ، کنز العمال، ج13، ص9، ص27، مؤسسۃ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

17 رجب المرجب 1444ھ / 09 فروری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

8 قرب قیامت عورتیں زیادہ

سوال: کیا عورتوں کا زیادہ ہو جانا قیامت کی نشانی ہے؟

User ID: احمد فیضی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

احادیث میں قیامت کی مختلف نشانیاں بیان کی گئی ہیں جس میں سے ایک یہ بھی ہے کہ قرب قیامت عورتیں زیادہ ہو جائیں گی اور مرد کم ہو جائیں گے۔ بخاری و مسلم کی حدیث کا ایک جزہے: "وتکثر النساء، ویقل الرجال، حتی یکون لخمسین امرأۃ القیم الواحد" ترجمہ: اور عورتوں کی کثرت ہو گی اور مرد کم ہوں گے یہاں تک کہ پچاس عورتوں کا ایک کفیل ہو گا۔ (بخاری، کتاب العلم، حدیث 81)

شرح: اس طرح کہ لڑکیاں زیادہ پیدا ہوں گی لڑکے کم، پھر مرد جنگوں وغیرہ میں زیادہ مارے جائیں گے اپنے بیوی بچے چھوڑ جائیں گے ان وجوہ سے عورتوں کی بہتات ہو گی۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ ایک خاوند کی پچاس بیویاں ہوں گی کہ یہ تو حرام ہے بلکہ مطلب یہ ہے کہ ایک خاندان میں عورتیں بیٹیاں پچاس ہوں گی ماں، دادی، خالہ، پھوپھی وغیرہ اور ان کا منتظم ایک مرد ہو گا۔ (مرآۃ المناجیح، جلد 7، صفحہ 274)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

18 رجب المرجب 1444ھ / 10 فروری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

9 کسی کے انتقال پر اناللہ پڑھنا

سوال: کسی کے انتقال پر اناللہ وانا الیہ راجعون پڑھنا حدیث سے ثابت ہے؟

User ID: سلیم سلطانی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

کسی کے انتقال پر اناللہ وانا الیہ راجعون کہنے کا ثبوت احادیث سے ملتا ہے۔ چنانچہ ام سلمہ رضی اللہ عنھا فرماتی ہیں: میں نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جس مسلمان پر کوئی مصیبت آئے اور وہ اللہ پاک کے حکم کے مطابق "اناللہ وانا الیہ راجعون" (پڑھے اور یہ دعا کرے) "اَللّٰهُمَّ أْجُرْنِيْ فِيْ مُصِيبَتِيْ وَاَخْلِفْ لِيْ خَيْرًا مِّنْهَا" تو اللہ پاک اس کو اس سے بہتر بدل عطا فرمائے گا۔ ام سلمہ رضی اللہ عنھا فرماتی ہیں: جب حضرت ابو سلمہ رضی اللہ عنہ فوت ہو گئے تو میں نے سوچا کہ مسلمانوں میں حضرت ابو سلمہ رضی اللہ عنہ سے بہتر کون ہو گا؟ وہ تو پہلے گھر والے ہیں جنہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہجرت کی۔ بہر حال میں نے یہ دعا کہہ لی، چنانچہ اللہ پاک نے ان کے بدلے مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عطا فرما دیئے (جو کہ حضرت ابو سلمہ رضی اللہ عنہ سے بہت بہتر تھے)۔

(مسلم، کتاب الجنائز، حدیث 918)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ____________

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

18 رجب المرجب 1444ھ / 10 فروری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

10 معراج کے وقت بی بی عائشہ رضی اللہ عنہا

سوال: واقعہ معراج کے وقت بی بی عائشہ رضی اللہ عنہا موجود تھیں یا نہیں؟

User ID: حافظ محمد عباس رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

واقعہ معراج کے سن (سال) کے حوالہ سے بعثت کے ایک یا ڈیڑھ یا پانچ سال بعد کی روایات موجود ہیں۔ ان اقوال کے پیش نظر معراج ہجرت سے آٹھ، ساڑھے گیارہ یا بارہ سال پہلے ہوئی جبکہ نکاح کے وقت بی بی عائشہ رضی اللہ عنہا کی عمر مبارک 9 سال تھی اور حضور ﷺ نے بی بی عائشہ سے ہجرت سے 3 سال پہلے نکاح فرمایا اور کاشانہ نبوت میں 2 ہجری میں داخل ہوئیں۔ اس صورت میں بعض اقوال کے مطابق بی بی عائشہ رضی اللہ عنہا واقعہ معراج کے وقت پیدا ہی نہیں ہوئی تھیں اور بعض کے مطابق کافی کم عمر تھیں اور حضور ﷺ کی بارگاہ میں حاضری تو ہجرت کے بعد ہی ہوئی۔

(ماخوذ از: مقالات کاظمی، جلد 1، صفحہ 130، سیرت مصطفی صفحہ 658)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

19 رجب المرجب 1444ھ / 11 فروری 2023ء

11 سبز چادر اوڑھنا

سوال: سبز چادر اوڑھنا کیسا؟ کیا حدیث میں دجال کے ماننے والوں کی علامت قرار دیا گیا ہے؟

User ID: صابر قریشی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

سبز رنگ کی چادر اوڑھنا شرعاً جائز ہے بلکہ حضور ﷺ سے ثابت ہے اور حدیث پاک میں دجال کے ماننے والوں کے لئے فرمایا گیا کہ ان پر طیالیس یا سیجان ہوں گی، اس کے معنی صرف سبز چادر نہیں بلکہ اس کی محدثین نے مختلف وضاحتیں کی ہیں۔ اولا یہ کہ طیالیس ایک لباس ہے جو زینت کے لئے کندھوں پر ڈالتے ہیں یا اس سے بدن کو ڈھانپتے ہیں۔ دوسرا یہ کہ وہ سیاہی مائل کپڑا ہوتا ہے۔ تیسرا یہ کہ سیجان سیاہ رنگ کی چادروں کو کہتے ہیں، سبز رنگ کی چادروں کو بھی کہتے ہیں۔ چوتھا سیجان اس چادر کو کہتے ہیں جس پر سیاہ تار کول لگا ہوتا ہے۔ لہذا اس روایت سے صرف سبز چادر یا عمامہ ثابت کرنا حدیث میں تحریف ہے۔ (ملخصا: سبز عمامہ کی برکتوں سے کذاب جل اٹھے)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

19 رجب المرجب 1444ھ / 11 فروری 2023ء

12

شب براءت کے حوالے سے روایات

سوال: شب براءت میں عبادت کے حوالے سے روایات ساری ضعیف ہیں یا صحیح بھی ہیں؟

User ID: صابر قریشی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

شب براءت میں شب بیداری اور روزہ رکھنے کے حوالے سے صرف ضعیف روایات ہی نہیں بلکہ حسن و صحیح روایات بھی موجود ہیں۔ اگر بالفرض ساری روایات ضعیف بھی ہوں تو مختلف طرق سے آنے والی ضعیف روایات حسن کے درجے تک پہنچ جاتی ہیں اور اگر نہ بھی پہنچیں تو فضائل میں ضعیف روایات پر عمل کرنا جائز ہے۔ اگر اس بارے میں کوئی روایت موجود نہ بھی ہوتی یا بالفرض موضوع ہوتی تو بھی شب براءت میں عبادت کرنا ناجائز و بدعت نہ ہوجاتا بلکہ کار ثواب ہی رہتا کیونکہ اس کی ممانعت پر کوئی دلیل موجود نہیں۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ پاک پندرہویں شعبان کی رات کو اپنی مخلوق پر نظر رحمت فرماتا ہے ور سب کی مغفرت فرمادیتا ہے سوائے مشرک اور بہت سخت دشمنی کرنے والے کے۔

(صحیح ابن حبان، ج12، ص481)

یہ حدیث اپنے شواہد کے ساتھ صحیح ہے۔ مگر یہ منقطع ہے کہ مکحول نے مالک بن یخامر سے ملاقات نہیں کی ہے۔ تہذیب التہذیب میں امام ابن حجر عسقلانی نے مالک بن یخامر سے روایت لینے والوں میں مکحول کا نام درج کیا ہے اور باعتبار اصول ان دونوں کا زمانہ بھی ایک ہے کہ مکحول ثقہ تابعی تھے۔ لہذا ملنا ثابت نہ بھی ہو ملاقات ممکن ہونے کی صورت میں بھی جمہور کے نزدیک حدیث ٹھیک ہوتی ہے۔ (دلائل احناف)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

20 رجب المرجب 1444ھ / 12 فروری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

13 فرشتوں کی تسبیح

سوال: حدیث پاک میں فرشتوں کی تسبیح بیان کی گئی ہے جس میں سبحان اللہ وبحمدہ کے الفاظ ہیں وہ بتادیں۔

User ID: حمزہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

ایک صحابی نبی پاک (صلی اللہ علیہ وسلم) کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور عرض کی: دنیا نے مجھ سے پیٹھ پھیرلی۔ فرمایا: کیا وہ تسبیح تمہیں یاد نہیں جو فرشتوں کی تسبیح ہے اور جس کی برکت سے روزی دی جاتی ہے۔ مخلوق آئے گی تیرے پاس ذلیل و خوار ہو کر، طلوع فجر کے ساتھ 100 بار کہا کر "سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحٰنَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰه"

(لسان المیزان، حرف العین، جلد 4، صفحہ 304، حدیث: 5100)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

24 رجب المرجب 1444ھ / 16 فروری 2023ء

14 سجدے میں کلائی بچھانا

سوال: اس حدیث کی وضاحت دیں جس میں سجدے میں کلائی بچھانے سے منع کیا ہے؟

User ID: محسن عزیز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اس حدیث کے تحت شارحین وفقہاء نے فرمایا ہے کہ اس میں مرد کو سجدے میں کلائی بچھانے سے منع کیا گیا ہے البتہ عورت کے لئے خوب سمٹ کر سجدہ کرنا مستحب ہے لہذا یہ ممانعت عورتوں کے لئے نہیں۔ بخاری شریف کی حدیث پاک ہے: "اعتدلوا في السجود ولا يبسط أحدكم ذراعيه انبساط الكلب" ترجمہ: سجدوں میں اعتدال کرو اور تم میں سے کوئی ایک سجدے میں اپنی کلائیاں کتے کے طرح نہ بچھائے۔ (بخاری، حدیث 532)

شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "یہ حکم مردوں کے لیے ہے عورتوں کے لیے مسئلہ یہ ہے کہ وہ اپنے بازو زمین پر رکھیں اور اپنے پہلوؤں کو اس کے ساتھ ملادیں کہ یہ ہیئت عورت کے پردہ کے لیے زیادہ بہتر اور قریب ہے۔" (اشعۃ اللمعات مترجم، جلد 02، صفحہ 243، فرید بک اسٹال)

بدائع الصنائع میں ہے: "وهذا في حق الرجل فأما المرأة فينبغي أن تفترش ذراعيها وتنخفض ولا تنتصب كانتصاب الرجل وتلزق بطنها بفخذيها لأن ذلك أستر لها" ترجمہ: یہ مردوں کے لیے ہے پس عورت کے لیے اپنی کلائیاں بچھا کر رکھنا، پست کرنا اور مردوں کی طرح اونچی نہ کرنا اور اپنے پیٹ کو اپنی رانوں کے ساتھ ملائے رکھنا مناسب ہے کیونکہ اس میں عورت کے لیے زیادہ پردہ ہے۔ (بدائع الصنائع، ج 1، ص 210)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

24 رجب المرجب 1444ھ / 16 فروری 2023ء

15

روحوں کی ایک دوسرے سے انسیت

سوال: کیا یہ حدیث ہے کہ روحیں ایک دوسرے سے الفت رکھتی ہیں؟

User ID:بنت اشرف عطاریہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

کتابوں میں اس طرح کی روایت موجود ہے، چنانچہ بخاری شریف کی حدیث ہے: "الأرواح جنود مجندة فما تعارف منها ائتلف، وما تناكر منها اختلف"
ترجمہ: روحیں مجتمع لشکر ہیں تو ان میں سے جن کا آپس میں تعارف ہے وہ الفت رکھتی ہیں اور جو اجنبی رہ چکی ہیں وہ الگ رہتی ہیں۔ (بخاری، حدیث 3336)

شرح: انسانی روحیں بدنوں میں آنے سے پہلے آپس میں مخلوط تھیں اس طرح کہ سعید روحیں ایک گروہ تھیں اور شقی روحیں دوسرا گروہ مگر سعید آپس میں مخلوط مخلوط تھیں اور شقی آپس میں مخلوط۔ (مرآۃ المناجیح، جلد 6، صفحہ 825)

مزید لکھتے ہیں: "جب یہ روحیں بدنوں میں آگئی تو ہر روح کو اس روح سے الفت ہوگی جس کے ساتھ پہلے خلط ملط رہ چکی ہے اگرچہ دنیا میں مختلف زمانوں مختلف زمینوں میں رہیں۔" (826)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

29 رجب المرجب 1444ھ / 21 فروری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
آن لائن

16

شعبان میں روزانہ 700 بار درود پڑھنے کی فضیلت

سوال: شعبان کے مہینے میں روزانہ 700 بار درود پاک پڑھنے کی فضیلت مع حوالہ بتائیں۔

مستفتی: شبیر عطاری User ID

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

امام سخاوی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: ”روی عن جعفر الصادق رضی اللہ عنہ انہ قال من صلی علی النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فی شعبان کل یوم سبعمائۃ مرۃ یوکل اللہ تعالی ملائکۃ لیوصلوھا الیہ و تفرح روح محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بذلک ثم یامر اللہ ان یستغفروا لہ الی یوم القیامۃ“ ترجمہ: امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو کوئی ماہ شعبان میں روزانہ 700 مرتبہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پاک پڑھے اللہ پاک کچھ فرشتوں کو مقرر فرمادے گا جو اس کا درود نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کریں گے جس سے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مبارک خوش ہوگی پھر اللہ پاک فرشتوں کو حکم فرمائے گا کہ درود پڑھنے والے کے لئے قیامت تک استغفار کرتے رہیں۔ (القول البدیع، الصلاۃ علیہ فی شعبان، ص208)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

29 رجب المرجب 1444 ھ / 21 فروری 2023ء

طهارت

17 جنبی کا فنائے مسجد میں جانا

سوال: کیا جنبی فنائے مسجد میں جا سکتا ہے؟ مدلل جواب عنایت فرمائیں۔

User ID: جواد فہیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جس پر غسل فرض ہو اس کو عین مسجد میں جانے کی ممانعت ہے، فنائے مسجد میں اس کا جانا جائز ہے۔ شامی میں ہے: "وحل دخول لجنب "ترجمہ: اور فنائے مسجد میں جنبی کا داخل ہونا جائز ہے۔ (شامی، جلد2، کتاب الصلاۃ، صفحہ 519، دار المعرفہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــہ
ابو البنات فراز عطاری مدنی
07 رجب المرجب 1443ھ / 30 جنوری 2023ء

18

آٹو میٹک واشنگ مشین

سوال: آٹو میٹک مشین میں کپڑے پاک ہو جاتے ہیں؟

User ID: تنویر اعظم

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

نجاست کی دو اقسام ہیں :(1) مرئیہ (2) غیر مرئیہ۔ مرئیہ وہ جو سوکھنے کے بعد بھی نظر آئے اور غیر مرئیہ وہ جو سوکھنے کے بعد نظر نہ آئے۔ مرئیہ اگر کپڑے پر لگ جائے تو ضروری ہے کہ دھلنے کے بعد نجاست کا اثر (بو، رنگ وغیرہ) بالکل ختم ہو جائے اور غیر مرئیہ کی پاکی کے لئے ضروری ہے کہ تین بار اس کو اس طرح دھویا جائے کہ ہر مرتبہ نچوڑنے پر قطرے ٹپکنا موقوف ہو جائیں۔ آٹو میٹک واشنگ مشین کا طریقہ کار یہ ہوتا ہے کہ وہ تین مرتبہ کثیر پانی لے کر کپڑے دھوتی ہے اور بعضوں میں نچوڑنے کی سہولت بھی موجود ہوتی ہے۔ لہذا آٹو میٹک واشنگ مشین میں ایسے کپڑے دھوئے جس میں نجاست مرئیہ ہو تو اگر نجاست کا اثر بالکل ختم ہو جائے تو کپڑے پاک ہو جائیں گے اور اگر کپڑوں میں نجاست غیر مرئیہ ہو تو اگر مشین تین بار اس طرح دھوئے کہ پر مرتبہ نچوڑنے پر قطرے ٹپکنا موقوف ہو جائیں تو بھی کپڑے پاک ہا جائیں گے۔ (ماخوذا: فتاوی اہلسنت، دار الافتاء اہلسنت، فتوی نمبر WAT-62)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

10 رجب المرجب 1443ھ / 02 فروری 2022

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

19 صابن کی جھاگ والے پانی سے غسل

سوال: اگر پانی کو ایسے برتن میں گرم کیا جس میں کچھ صابن تھا اور گرم کرنے میں صابن کی جھاگ بن گئی تو کیا اس پانی سے غسل کر سکتے ہیں؟

User ID: عامر شہزاد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جس پانی سے غسل کرنا ہو اگر اس میں کچھ صابن کی جھاگ مل جائے تو کوئی حرج نہیں، اس پانی سے غسل کرنا بالکل جائز ہے۔ بہار شریعت میں ہے: "اگر ایسی چیز ملائیں یا ملا کر پکائیں جس سے مقصود میل کاٹنا ہو جیسے صابون یا بیری کے پتے تو وُضو جائز ہے جب تک اس کی رقت زائل نہ کر دے اور اگر ستُّو کی مثل گاڑھا ہو گیا تو وُضو جائز نہیں۔" (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 329)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

28 رجب المرجب 1444ھ / 20 فروری 2023ء

20 نامحرم کو چھونے سے وضو کا ٹوٹنا

سوال: میں نرسنگ کا کام کرتا ہوں اور عورتوں کو انجکشن لگانا پڑتا ہے میں باوضو ہوتا ہوں اور اسی وضو سے نماز پڑھ لیتا ہوں تو ایسا کرنا کیسا؟

User ID: ذیشان ظفر

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نامحرم کو چھونے سے وضو نہیں ٹوٹتا لیکن بلا حاجت شرعی عورت کو چھونا اگرچہ انجکشن لگانے کے لئے ہو جائز نہیں البتہ چھونے کے سبب مذی کا خروج ہوا تو وضو ٹوٹ جائے گا اور کپڑے بھی ناپاک ہو جائیں گے۔ "مس الرجل المرأۃ والمرأۃ الرجل لا ینقض الوضوء کذا فی المحیط" ترجمہ: مرد کا عورت کو یا عورت کا مرد کو چھونا ناقض وضو نہیں۔

(عالمگیری، جلد 1، کتاب الطھارہ، باب الوضو، صفحہ 15، دار الکتب العلمیہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ
ابو البنات فراز عطاری مدنی
28 رجب المرجب 1444ھ / 20 فروری 2023ء

نماز

AL RAZA QURAN- -FIQH ACADEMY

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

21

قضائے عمری کی آسانیاں

سوال: قضائے عمری پڑھنے میں علماء نے جو آسانیاں بیان کی ہیں وہ بتادیں؟

User ID: راحیل اقبال راجپوت

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جس کے ذمہ بہت سی نمازیں قضاہیں اس کے لئے چند آسانیاں شریعت نے دی ہیں۔ پہلی یہ کہ رکوع وسجدے کی تسبیح کو ایک ایک بار پڑھ سکتاہے، مگر اس میں یہ دھیان رہے کہ رکوع اور سجدے میں جانے کے بعد لفظ سبحان کی سین شروع کرے اور رکوع میں لفظ عظیم کا میم اور سجدے میں اعلی کالام ادا کرلینے کے بعد رکوع اور سجدے سے سر اٹھائے تاکہ رکوع اور سجدے میں کم از کم ایک بار سبحان اللہ کہنے کی مقدار رکنے کا واجب ادا ہوجائے۔ دوسری آسانی یہ ہے کہ فرضوں کی تیسری اور چوتھی رکعت میں سورۃ الفاتحہ اور سورت کی جگہ صرف تین بار سبحان اللہ کہہ لے،یہ رعایت وتر کے لئے نہیں ہے۔ تیسری آسانی یہ ہے کہ قعدہ اخیرہ میں التحیات کے بعد درود ابراہیم کی جگہ "اللھم صل علی محمد و آلہ" کہہ کر سلام پھیر دے۔ چوتھی آسانی یہ ہے کہ وتر میں دعائے قنوت کی جگہ تین بار "رب اغفرلی" کہہ لے۔ (ملخصا: فتاوی رضویہ، ج4، ص157)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

09 رجب المرجب 1443 ھ / 01 فروری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

22

سورتوں کے چھوٹے بڑے ہونے کا معیار

سوال: دوسری رکعت کی قراءت پہلی ست چھوٹی ہونی چاہیے تو چھوٹی بڑی ہونے کا اندازہ کیسے ہو؟

User ID: افتخار احمد خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

پہلی رکعت کی قراءت کا دوسری سے طویل ہونا سنت ہے اور اس کا عکس یعنی دوسری رکعت کی قراءت پہلی سے لمبی کرنا مکروہ تنزیہی ہے جبکہ دونوں میں واضح فرق ہو اور اس کا معیار یہ ہے کہ اگر دونوں سورتوں کی آیتیں چھوٹی بڑی ہونے کے اعتبار سے برابر یا قریب قریب ہیں تو آیات کی تعداد کا اعتبار ہوگا اور تین آیات سے زیادہ پڑھنے پر کراہت ہوگی۔ اور اگر آیات کے چھوٹے بڑے ہونے میں کافی فرق ہے تو حروف و کلمات کا اعتبار ہوگا، آیات کی تعداد کا اعتبار نہیں۔ مثال کے طور پر کسی نے فجر کی پہلی رکعت میں بیس (20) بڑی آیات پڑھیں اور دوسری میں بیس ایسی چھوٹی آیات پڑھیں جس کے کلمات پہلے کے مقابلے میں نصف ہوں تو پہلی میں طویل قراءت کرنے کی سنت ادا ہو گئی اور اگر اس کا الٹ کیا تو مکروہ۔ اسی طرح کسی نے پہلی میں الم نشرح پڑھی اور دوسری میں لم یکن تو مکروہ ہے کیونکہ دونوں کے کلمات و حروف میں کافی فرق ہے اگرچہ آیات کی تعداد 8 8 ہے۔

(ملخصا: شامی، جلد2، کتاب الصلاۃ، باب صفۃ الصلاۃ، صفحہ 322، دار المعرفہ، بہار شریعت، جلد1، صفحہ 548)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

20 رجب المرجب 1444ھ / 12 فروری 2023ء

23

نماز میں رونا

سوال: نماز کے دوران آیات سن کر یا پڑھ کر رونا کیسا؟

User ID: محمد فرقان اعوان

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نماز میں آیت پڑھ یا سن کر خشوع و خضوع کے باعث یا جہنم کے خوف سے یا جنت کے شوق میں رویا تو جائز بلکہ سعادت کی بات ہے بلکہ کئی صحابہ و بزرگان دین سے ثابت ہے اور اس سے نماز فاسد نہیں ہو گی۔ بہار شریعت میں ہے: ”جنت و دوزخ کی یاد میں اگر یہ الفاظ کہے، تو نماز فاسد نہ ہوئی۔۔۔ امام کا پڑھنا پسند آیا اس پر رونے لگا اور ارے، نعم، ہاں ،زبان سے نکلا کوئی حرج نہیں، کہ یہ خشوع کے باعث ہے اور اگر خوش گلوئی کے سبب کہا، تو نماز جاتی رہی۔“ (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 608)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

21 رجب المرجب 1444ھ / 13 فروری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

24 نماز میں عورت کا ٹخنہ ظاہر

سوال: اگر عورت کا ٹخنہ نماز میں کھلا رہے تو کیا نماز ہو جائے گی؟

User ID: بنت اشرف عطاریہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

نماز میں جو بدن کے حصے عورت کو چھپانا ضروری ہیں اس میں ٹخنہ بھی شامل ہے لیکن ٹخنہ الگ سے پورا ایک عضو نہیں بلکہ یہ پنڈلی کے ساتھ مل کر ایک عضو شمار ہوتا ہے اور اصول یہ ہے کہ جو اعضاء ستر عورت میں مستقل طور پر شامل ہیں ان کا چوتھائی حصہ کھلا رہا تو نماز نہیں ہوگی اور صرف ٹخنہ چوتھائی تک نہیں پہنچتا، لہذا نماز کے دوران اگر عورت کا ٹخنہ ظاہر رہا تو بھی نماز ہو جائے گی۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "دونوں پنڈلیاں یعنی زیر زانو سے ٹخنوں تک (مکمل دو عضو ہیں)۔ (فتاوی رضویہ، جلد6، صفحہ 41)

اسی جلد میں ہے: "اگر ایک عضو کی چہارم کھل گئی، اگرچہ بلا قصد ہی کھلی ہو اور اس نے ایسی حالت میں رکوع یا سجود یا کوئی رکن کامل ادا کیا، تو نماز بالاتفاق جاتی رہی۔ اگر صورت مذکورہ میں پورا رکن تو ادا نہ کیا، مگر اتنی دیر گزر گئی، جس میں تین بار سبحان اللہ کہہ لیتا، تو بھی مذہب مختار پر جاتی رہی۔ اگر تکبیر تحریمہ اسی حالت میں کہی کہ ایک عضو کی چہارم کھلی ہے، تو نماز سرے سے منعقد ہی نہ ہو گی، اگرچہ تین تسبیحوں کی دیر تک مکشوف نہ رہے۔ ان سب صورتوں میں اگر ایک عضو کی چہارم سے کم ظاہر ہے، تو نماز صحیح ہو جائے گی اگرچہ نیت سے سلام تک انکشاف رہے۔" (فتاوی رضویہ، ج6، ص30)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

21 رجب المرجب 1444ھ / 13 فروری 2023ء

25 نماز میں چلنا

سوال: نماز میں کتنا چل سکتے ہیں؟

عادل علی عطاری:User ID

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نماز میں بلا ضرورت چلنے کی اجازت نہیں، اگر کسی ضرورت کی وجہ سے قبلہ کی جانب چلنا پڑے مثلاً اگلی صف میں جگہ ہے تو ایک وقت میں ایک صف کی مقدار چل سکتا ہے پھر کم از کم ایک رکن کی مقدار ٹھہرنا ہو گا، پھر ضرورت ہو تو ایک صف کی مقدار چل کر ایک رکن کی مقدار ٹھہر جائے، اس طرح ضرورت کی وجہ سے جتنا چلے حرج نہیں جب تک مکان نہ بدلے۔ بہار شریعت میں ہے:" قبلہ کی طرف ایک صف کی قدر چلا، پھر ایک رکن کی قدر ٹھہر گیا، پھر چلا پھر ٹھہرا، اگرچہ متعدد بار ہو جب تک مکان نہ بدلے، نماز فاسد نہ ہو گی، مثلاً مسجد سے باہر ہو جائے یا میدان میں نماز ہو رہی تھی اور یہ شخص صُفوف سے متجاوز ہو گیا کہ یہ دونوں صورتیں مکان بدلنے کی ہیں اور ان میں نماز فاسد ہو جائے گی۔ یوہیں اگر ایک دم دو صف کی قدر چلا، نماز فاسد ہو گئی۔"

(بہار شریعت، جلد1، صفحہ 611)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

22 رجب المرجب 1444ھ / 14 فروری 2023ء

26

فرض کی تیسری اور چوتھی رکعت میں قراءت

سوال: فرض کی تیسری اور چوتھی رکعت میں اگر بھول کر قراءت کرلی تو کیا حکم ہے؟

User ID: محمد عبد اللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

فرض کی تیسری اور چوتھی رکعت میں قراءت فرض نہیں بلکہ تین بار سبحان اللہ کہنا یا اتنی مقدار خاموش رہنا بھی جائز ہے البتہ سورہ فاتحہ پڑھنا بہتر ہے بلکہ منفرد کے لئے سورت ملانا بھی افضل ہے۔ یہاں جو قراءت فرض نہ ہونے کا حکم ہے اس کا مطلب یہ نہیں کہ اگر قراءت کی تو سجدہ سہو واجب ہو گا بلکہ مراد یہ ہے کہ اگر کسی نے قراءت کی جگہ خاموشی اختیار کی یا تین بار سبحان اللہ پڑھ لیا تو بھی درست ہے۔ درمختار میں ہے: "واکتفی المفترض فیما بعد الأولیین بالفاتحة فانها سنة علی الظاهر ولو زاد لابأس به (وهو مخیر بین قراءة) الفاتحة (وتسبیح ثلاثا) وسکوت قدرها" ترجمہ: فرض پڑھنے والے کے لیے پہلی دو رکعت کے بعد سورہ فاتحہ پڑھنا کافی ہے اور بظاہر یہ سنت ہے اور اگر سورہ فاتحہ کے ساتھ سورت بھی ملالی تو کوئی حرج نہیں اور نمازی کو سورہ فاتحہ پڑھنے اور تین مرتبہ تسبیح کہنے اور اس مقدار چپ رہنے میں اختیار ہے۔ (درمختار، ج02، ص270، دار المعرفہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

23 رجب المرجب 1444ھ / 15 فروری 2023ء

27 قعدہ اخیرہ بھول گیا اور پانچویں پر سلام

سوال: امام صاحب چوتھی میں بیٹھے نہیں اور پانچویں پر سجدہ سہو کر کے سلام پھیر لیا تو کیا حکم ہے؟

User ID: احسان نوری

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

امام صاحب نے اگر چوتھی رکعت پر قعدہ اخیرہ نہ کیا اور پانچویں پڑھ کر سلام پھیر دیا تو یہ نماز باطل ہو گئی اب دوبارہ چار رکعت فرض پڑھنا ضروری ہے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: ”جبکہ قعدہ اخیرہ بھول کر زائد رکعت کے لئے کھڑا ہوا تو جب تک اس رکعت زائدہ کا سجدہ نہیں کیا ہے بیٹھ جائے اور التحیات پڑھ کر سجدہ سہو کرے، اور اگر اس نے رکعتِ زائدہ کا سجدہ کر لیا تو اب فرض باطل ہو گئے پھر سے پڑھے۔“ (فتاوی رضویہ، جلد8، صفحہ216)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی
29 رجب المرجب 1444ھ / 21 فروری 2023ء

28 مغرب کی نماز میں چوتھی رکعت

سوال: مغرب کی نماز میں تیسری پر قعدہ اخیرہ کرنے کے بعد چوتھی کے لئے کھڑا ہو گیا اور اس کا سجدہ بھی کر لیا اب کیا کرے؟

User ID: قیصر علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اگر مغرب کی نماز میں قعدہ اخیرہ کیا اور چوتھی کے لئے کھڑے ہو گئے اور چوتھی کا سجدہ بھی کر لیا تو حکم یہ ہے کہ ایک رکعت اور ملا لے اور پانچویں رکعت پر سجدہ سہو کر کے نماز مکمل کر لے تو یوں تین رکعت فرض اور دو نفل ہو جائیں گے۔ درمختار میں ہے: "خامسة فی المغرب۔۔ به يفتى لتصير الركعتان له نفلا و سجد للسهو" ترجمہ: (اگر مغرب میں تیسری پر قعدہ کیا اور چوتھی کا سجدہ کر لیا تو) مغرب میں پانچویں ملا لے یہی مفتی بہ قول ہے، اس طرح یہ آخری دو رکعتیں نفل ہو جائیں گی اور آخر میں سجدہ سہو کرے گا۔

(ماخوذا: درمختار مع شامی جلد2، کتاب الصلاۃ، باب سجود السہو، صفحہ 668، دار المعرفہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

01 شعبان المعظم 1444ھ / 22 فروری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

29 ایک امام کا دو بار فرض کی جماعت کروانا

سوال: کیا ایک ہی امام دو بار جمعہ کی جماعت کرواسکتا ہے؟

User ID: عمیر سلیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ایک امام دو بار فرض کی جماعت نہیں کرواسکتا، اگر کروائے گا تو دوسری جماعت میں شامل فرض پڑھنے والوں کی نماز ٹوٹ جائے گی۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ جب امام نے ایک بار فرض کی جماعت کروادی اور وہ نماز فاسد نہیں ہوئی تو اس کا فرض ادا ہو گیا اب اگر وہ جماعت کروائے گا اگرچہ فرض کی نیت سے تو بھی اس کے نفل ہی ادا ہوں گے اور قاعدہ یہ ہے کہ مقتدی امام سے اعلی نماز کی نیت سے شامل نہ ہو اور نہ مقتدی کی نماز نہیں ہو گی، تو جو مقتدی فرض کی نیت سے شامل ہوئے وہ امام کی نماز جو کہ نفل ہے اس سے اعلی کی نیت سے شامل ہیں لہذا ایسے مقتدیوں کی نماز نہیں ہو گی۔ بہار شریعت میں ہے: "فرض نماز نفل پڑھنے والے کے پیچھے اور ایک فرض والے کی دوسرے فرض پڑھنے والے کے پیچھے نہیں ہو سکتی خواہ دونوں کے فرض دو نام کے ہوں۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 572)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

02 شعبان المعظم 1444ھ / 23 فروری 2023ء

30 رمضان میں وتر جماعت سے پڑھنا

سوال: رمضان میں وتر جماعت سے پڑھنا بہتر ہے یا نہیں؟

User ID:عبد الماجد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

رمضان المبارک میں وتر جماعت سے پڑھنا افضل ہے البتہ جس نے عشاء کے فرض جماعت سے نہ پڑھے ہوں وہ وتر تنہا پڑھے۔ بہار شریعت میں ہے: "رمضان شریف میں وتر جماعت کے ساتھ پڑھنا افضل ہے خواہ اُسی امام کے پیچھے جس کے پیچھے عشا و تراویح پڑھی یا دوسرے کے پیچھے۔۔۔ اگر عشا جماعت سے پڑھی اور تراویح تنہا تو وتر کی جماعت میں شریک ہو سکتا ہے اور اگر عشا تنہا پڑھ لی اگرچہ تراویح باجماعت پڑھی تو وتر تنہا پڑھے۔"

(بہار شریعت، جلد1 ، حصہ 4، تراویح کا بیان، صفحہ 692،693)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

02 شعبان المعظم 1444ھ/23 فروری 2023ء

31

صاحب ترتیب کی تعریف

سوال: صاحب ترتیب سے کی مراد ہے؟

User ID: نصیر احمد قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

صاحب ترتیب سے مراد ایسا شخص جس کی 6 فرض نمازوں سے کم نمازیں قضا ہوں،6 وقتی فرض نمازیں قضا ہو گئیں تو اب ایسا شخص صاحب ترتیب نہ رہا۔صاحب ترتیب کے لئے حکم یہ ہے کہ پہلے فوت شدہ نماز ادا کرے پھر وقتی نماز ادا کرے۔ در مختار میں ہے:"فاتت ست اعتقادية" ترجمہ: جس کی 6 فرض نمازیں قضاہو گئیں (وہ صاحب ترتیب نہیں رہے گا)۔" (در مختار،97)

بہار شریعت میں ہے:"چھ نمازیں جس کی قضاہو گئیں کہ چھٹی کا وقت ختم ہو گیا اس پر ترتیب فرض نہیں، اب اگرچہ باوجود وقت کی گنجائش اور یاد کے وقتی پڑھے گا ہو جائے گی خواہ وہ سب ایک ساتھ قضا ہوئیں"

(بہار شریعت، جلد1، حصہ4، صفحہ 705)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

02 شعبان المعظم 1444 ھ /23 فروری 2023ء

جمعہ

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

32

داڑھی منڈے امام کے پیچھے جمعہ

سوال: میں جس ملک میں رہتا ہوں وہاں اماموں کی داڑھی چھوٹی ہوتی ہے اور وہ رفع الیدین بھی کرتے ہیں مگر مسلک کے اعتبار سے سنی ہیں، ان کے پیچھے جمعہ کا کیا حکم ہے؟

User ID:عبدالسلام

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایة الحق والصواب

اگر شہر میں کسی مقام پر صحیح العقیدہ حنفی غیر فاسق معلن امام ہو تو جمعہ اسی کے پیچھے پڑھنا ضروری ہے اور اگر شہر میں کوئی ایسا امام نہیں تو کسی ایسے صحیح العقیدہ امام کے پیچھے جمعہ پڑھنا بھی جائز ہے جو فاسق معلن ہو البتہ سنی غیر حنفی ہو تو یہ ضروری ہے کہ فرائضِ طہارت و نماز میں حنفیوں کی رعایت کرتا ہو یا کم از کم اس نماز میں رعایت کی ہوئی ہو۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "نماز جمعہ بھی اس (فاسق معلن) کے پیچھے ہرگز نہ پڑھی جائے۔" کچھ صفحات کے بعد فرماتے ہیں: "ہاں اگر جمعہ میں دوسرا امام نہ مل سکے تو جمعہ پڑھیں کہ وہ فرض ہے اور فرض اہم۔" (فتاوی رضویہ، جلد6، صفحہ 628، 633)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فرازعطاری مدنی

24 رجب المرجب 1444ھ/16 فروری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

مسافر کی نماز

33

قصر یا پوری پڑھنے میں آخری وقت کا اعتبار

سوال: میں 12 بج کر 22 منٹ پر 120 کلومیٹر کے فاصلے پر سفر کے لئے نکلا جبکہ ظہر کا وقت 12 بج کر 21 منٹ پر شروع ہو چکا تھا تو اب میں منزل پر پہنچ کر پوری پڑھوں کا قصر؟

User ID: حنین تنویر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اولا تو یہ یاد رکھیں کہ مسافر ہونے کے لئے گھر سے مسافت شمار نہیں ہوتی بلکہ شہر کی آبادی ختم ہونے کے بعد سے اگلے شہر کی آبادی کی مسافت کا اعتبار ہوتا ہے۔ تو اگر آپ شہر کی آبادی سے 92 کلومیٹر یا زائد کے فاصلے پر گئے ہیں اور 15 دن رہنے کا ارادہ نہیں ہے اور آپ نے اگر وقت شروع ہونے کے بعد نمازِ ظہر نہیں پڑھی تھی تو منزل پر پہنچنے کے بعد آپ قصر کریں گے اور اگر مذکورہ بالا شرائط کے ساتھ 15 دن یا زیادہ رہنے کی نیت ہے تو آپ پوری نماز پڑھیں گے کیونکہ پوری یا قصر پڑھنے میں آخری وقت کا اعتبار ہوتا ہے۔ مفتی امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "قصر اور پوری پڑھنے میں آخر وقت کا اعتبار ہے جبکہ پڑھ نہ چکا ہو، فرض کرو کسی نے نماز نہ پڑھی تھی اور وقت اتنا باقی رہ گیا ہے کہ اللہ اکبر کہہ لے اب مسافر ہو گیا تو قصر کرے اور مسافر تھا اسوقت اقامت کی نیت کی تو چار پڑھے۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 749،750)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

17 رجب المرجب 1444ھ / 09 فروری 2023ء

جنازہ

34

میت پر آواز کے ساتھ رونا

سوال: میت پر آواز کے ساتھ رونا کیسا؟

User ID: علی اختر مصری

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

میت پر چلا کر رونا، جزع فرع کرنا حرام ہے اور اگر چلانا نہ ہو بلکہ صرف غم کی وجہ سے آنسو جاری ہوں اور آواز نہ ہو تو جائز ہے البتہ معمولی آواز بلا قصد نکل جائے تو اس میں حرج نہیں۔ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "میت پر چلا کر رونا، جزع فزع کرنا حرام، سخت حرام ہے" (فتاوی رضویہ، جلد 24، صفحہ 486)

بہار شریعت میں ہے: "آواز سے رونا منع ہے اور آواز بلند نہ ہو تو اس کی ممانعت نہیں، بلکہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت ابراہیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات پر بُکا فرمایا۔" (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 855)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

24 رجب المرجب 1444ھ / 16 فروری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

روزہ

35 بغیر سحری کے نفلی روزہ

سوال: کیا بغیر سحری کے نفلی روزہ رکھ سکتے ہیں؟

User ID: ملک سعید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

روزہ چاہے فرض ہو یا نفل اس کے لئے سحری شرط نہیں بلکہ بغیر سحری بھی روزہ رکھا تو درست ہے البتہ سحری کرنا عظیم سنت ہے البتہ سحری کی سنت پر عمل کرنے کے لئے ڈٹ کر کھانا ضروری نہیں چند لقمے یا پانی کے گھونٹ بلکہ صرف کھجور کھا لینے سے بھی یہ سنت ادا ہو جائے گی۔ امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ لکھتے ہیں: ''سحری روزے کے لئے شرط نہیں، سحری کے بغیر بھی روزہ ہو سکتا ہے مگر جان بوجھ کر سحری نہ کرنا مناسب نہیں کہ ایک عظیم سنت سے محرومی ہے، اور سحری میں خوب ڈٹ کر کھانا ہی ضروری نہیں، چند کھجوریں اور پانی ہی اگر بہ نیت سحری استعمال کرلیں جب بھی کافی ہے۔

(فیضان رمضان، صفحہ 108)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

21 رجب المرجب 1444ھ / 13 فروری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

36

روزہ میں دودھ پلانا

سوال: کیا عورت روزہ کی حالت میں بچے کو دودھ پلا سکتی ہے؟

User ID: دلدار حسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عورت کا روزے میں بچے کو دودھ پلانا جائز ہے کیونکہ روزہ کسی چیز کے خارج ہونے سے فاسد نہیں ہوتا۔ بخاری شریف میں ہے: "الصوم مما دخل ولیس مما خرج" ترجمہ: روزہ کسی چیز کے جسم میں داخل ہونے سے فاسد ہوتا ہے (جبکہ اس کی شرائط پائی جائیں) کسی چیز کے خارج ہونے سے نہیں۔ (بخاری، حدیث 1937)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

27 رجب المرجب 1444 ھ / 19 فروری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

37

روزے میں بیوی کا بوسہ

سوال: روزے میں بیوی کے ساتھ بوس و کنار کرنا کیسا؟

User ID: شہباز

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

روزے میں بیوی کے ساتھ بوس و کنار کرنا مکروہ ہے جبکہ انزال ہونے یا جماع میں پڑنے کا اندیشہ ہو اور اگر ایسا خوف نہیں تو کوئی حرج نہیں البتہ بوس و کنار کی وجہ سے انزال (منی کا خروج) ہو گیا تو روزہ ٹوٹ جائے گا، توبہ اور اس روزے کی قضا کرنا ہو گی البتہ کفارہ نہیں۔ ھندیہ میں ہے: "ولا باس بالقبلہ اذا امن علی نفسہ من الجماع والانزال، ویکرہ ان لم یامن، والمس فی جمیع ذالک کالقبلۃ" ترجمہ: بیوی کا بوسہ لینے میں حرج نہیں جبکہ جماع اور انزال میں پڑنے کا خوف نہ ہو، اور اگر خوف ہو تو مکروہ ہے، اور چھونے کے احکام ان تمام صورتوں میں بوسہ والے ہیں۔

(ھندیہ، جلد 1، کتاب الصوم، باب فیما یکرہ للصائم ومالا یکرہ، صفحہ 220، دار الکتب العلمیہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

27 رجب المرجب 1444ھ / 19 فروری 2023ء

زکوٰۃ

38

سابقہ شوہر کی طرف سے ملنے والے پیسے

سوال: میرے سابقہ شوہر اپنے 10 سال کے بیٹے کے لئے 3000 روپے بھیجتے ہیں جو میں کچھ جمع کر لیتی ہوں، کیا اس پر زکوۃ دینی ہوگی؟

User ID: بنت عبد الرزاق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

والد کی طرف سے اپنے بیٹے کے لئے بھیجی جانے والی رقم بیٹے کے لئے تحفہ ہے اور یہ حقیقت میں بیٹے کی ملکیت ہے اور چونکہ بیٹا نابالغ ہے لہذا اس پر زکوۃ لازم نہیں ہوگی۔ شامی میں ہے:" فلا تجب علی مجنون و صبی " ترجمہ: تو مجنون اور نابالغ پر زکوۃ واجب نہیں۔
(شامی، جلد 3، کتاب الزکاۃ، صفحہ 207، دار المعرفہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

08 رجب المرجب 1443ھ / 31 جنوری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

39

کرایہ پر چڑھانے کی نیت سے لئے ہوئے گھر میں تجارت کی نیت

سوال: گھر کرائے پر دینے کی نیت سے لیا کچھ سالوں بعد بیچنے کی نیت بن گئی کیا یہ مال تجارت ہے؟

User ID: غلام مصطفیٰ

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

معلوم کی گئی صورت میں وہ گھر مال تجارت نہیں بنے گا کیونکہ مال تجارت کی تعریف یہ ہے کہ خریدتے وقت بیچنے کی نیت ہو، اگر خریدا کرائے پر دینے یا ذاتی استعمال کی نیت سے بعد میں بیچنے کی نیت بنی تو یہ مال تجارت نہیں بنے گا۔ فیضان زکوۃ میں ہے: "مالِ تجارت اس مال کو کہتے ہیں جسے بیچنے کی نیت سے خریدا گیا ہے اور اگر خریدنے یا میراث میں ملنے کے بعد تجارت کی نیت کی تو اب وہ مال تجارت نہیں کہلائے گا۔"

(فیضان زکاۃ، صفحہ 39)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

16 رجب المرجب 1444ھ / 08 فروری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

40

زکوۃ میں سال کے اول آخر کا اعتبار

سوال: اگر کسی کے پاس نصاب کی قدر مال ہو تو سال پورا ہونے پر زکوۃ ہوتی ہے، اب کسی کے پاس مال بڑھ گیا تو کیا دوبارہ سال پورا ہونا ضروری ہے؟

User ID: ام بریرہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جب کسی کے پاس پہلی مرتبہ نصاب کی قدر مال آیا تو اس اسلامی تاریخ کو اس کے نصاب کا سال شروع ہو گیا، اب ایک سال کے بعد اسی اسلامی تاریخ کو وہ دیکھے گا کہ اس کے پاس کتنا مال ہے، اگر اس کے پاس نصاب کی قدر مال ہے تو اس پر زکوۃ فرض ہو گی جب کہ دیگر شرائط پائی جائیں کیونکہ زکوۃ میں سال کے اول و آخر کا اعتبار ہوتا ہے۔ صاحب نصاب ہونے کا جو دن تھا اب ہر سال وہ اسی دن زکوۃ کا حساب کرتا رہے گا جب تک اس کا نصاب بالکل ہلاک نہ ہو جائے، ایسا نہیں ہو گا کہ جب جب مال آتا رہا تو نصاب کا نیا سال شروع ہو گیا اور وہ ہر مال کے اعتبار سے الگ شمار کرے۔ مثلا کسی کے پاس 12 رجب کو پہلی مرتبہ 2 لاکھ روپے آئے، اب درمیان سال جو آیا گیا اس کا اعتبار نہیں، اگلے سال 12 رجب کو اگر نصاب کی قدر مال ہے تو اس پر زکوۃ فرض ہو گی۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

21 رجب المرجب 1444ھ / 13 فروری 2023ء

41 6 تولہ سونا اور 2 تولہ چاندی پر زکوۃ

سوال: میرے پاس 6 تولے سونا ہے اور 2 تولے چاندی تو کیا زکوۃ دینی ہو گی؟

User ID: حریم فاطمہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

زکوۃ فرض ہونے کے لئے سونے کا نصاب ساڑھے سات تولہ اور چاندی کا ساڑھے باون تولہ ہے لیکن اگر سونا یا چاندی اپنے اپنے نصاب سے کم ہوں تو یہ دیکھا جائے گا سونے یا چاندی کے علاوہ اموال زکوۃ میں سے کتنا مال ہے، اگر اموال زکوۃ میں سے کچھ بھی ہو مثلا کرنسی ہو تو اس کرنسی کو سونے یا چاندی کے ساتھ ملا کر دیکھیں گے، اگر ان کی قیمت مل کر ساڑھے باون تولے چاندی کے برابر ہو جاتی ہے تو اس پر زکوۃ فرض ہو گی۔ معلوم کی گئی صورت میں 6 تولہ سونا اور 2 تولہ چاندی کو ملایا جائے تو یہ ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت سے کئی زیادہ ہے لہذا اس پر زکوۃ فرض ہو گی۔ فتح القدیر میں ہے: "والنقدان یضم احدھما الی الاخر فی تکمیل النصاب عندنا" ترجمہ: ہمارے نزدیک نصاب کو مکمل کرنے کے لئے دونوں نقدوں (سونا اور چاندی) کو ایک دوسرے کے ساتھ ملایا جائے گا۔
(فتح القدیر، جلد 2، صفحہ 169)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

22 رجب المرجب 1444ھ / 14 فروری 2023ء

42 کرائے پر دیے ہوئے مکان پر زکوۃ

سوال: میرے پاس ایک مکان ہے جو کرائے پر دیا ہوا ہے کیا اس کی قیمت پر زکوۃ ہے؟

User ID: راجہ عارف حسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جو مکان کرائے پر دیا ہوا ہے اس کی قیمت پر زکوۃ فرض نہیں البتہ نصاب کا سال پورے ہونے پر اگر کرائے والی رقم حاجت اصلیہ کے علاوہ موجود ہے تو وہ دیگر اموالِ زکوۃ کے ساتھ حساب میں شمار ہوگی، اگر شرائط پائی گئیں تو اس پر زکوۃ فرض ہوگی۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "(کرائے کے) مکانات پر زکوٰۃ نہیں، اگرچہ پچاس کروڑ کے ہوں، کرایہ سے جو سال تمام پر پس انداز ہو گا اس پر زکوٰۃ آئے گی، اگر خود یا اور مال سے مل کر قدرِ نصاب ہو۔"

(فتاوی رضویہ، جلد10، صفحہ 161)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

23 رجب المرجب 1444ھ / 15 فروری 2023ء

43

بہن بھائی اور اولاد کو زکوۃ

سوال: کیا بہن بھائی کو زکوۃ دے سکتے ہیں؟ بیٹی ماں کو زکوۃ دے سکتی ہے؟

User ID: محمد اسماعیل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بھائی بہن اگر مستحقِ زکوۃ ہوں اور غیر سید ہوں تو انہیں زکوۃ دینا جائز بلکہ افضل ہے کہ صلہ رحمی کا بھی ثواب ہے البتہ ماں اپنی بیٹی کو یا بیٹی اپنی ماں کو زکوۃ نہیں دے سکتی۔ عالمگیری میں ہے: "والافضل فی الزکاۃ والفطر والنذور الصرف اولا الی الاخوۃ الاخوات" ترجمہ: زکوۃ، فطرہ اور منت (کی رقم وغیرہ) پہلے بھائی بہنوں کو دینا افضل ہے۔ (ھندیہ، جلد1، صفحہ190، دار الفکر)

فتاوی اہلسنت احکام زکوۃ میں ہے: رشتے داروں میں سے کوئی حاجت مند اور شرعی فقیر ہے تو اس کو زکوۃ دینا افضل ہے مگر ان کی چند شرائط ہیں۔۔۔ والدین یا اپنی اولاد میں سے نہ ہو۔۔ الخ (فتاوی اہلسنت، صفحہ 399)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

25 رجب المرجب 1444ھ / 17 فروری 2023ء

44 قرض میں دی ہوئی رقم پر زکوۃ کی نیت

سوال: اگر زید نے بکر کو قرض دیا ہے اور بکر واپس کرنے کی استطاعت نہیں رکھتا تو کیا زید اس میں زکوۃ کی نیت کر سکتا ہے؟

User ID: قاری صابر اعوان چشتی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جو رقم کسی کو قرض میں دی ہوئی ہے اگر وہ واپس کرنے کی استطاعت نہیں رکھتا تو دی ہوئی رقم میں زکوۃ کی نیت کرنا جائز نہیں اور نہ اس طرح زکوۃ ادا ہو گی۔ فیضان زکوۃ میں ہے: ”کسی کو قرض معاف کیا اور زکوۃ کی نیت کر لی تو زکوۃ ادا نہیں ہو گی۔“ (فیضان زکوۃ، صفحہ 80)

نوٹ: اس مسئلہ کے حل کے لئے دار الافتاء اہلسنت میں رابطہ فرمائیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

27 رجب المرجب 1444ھ / 19 فروری 2023ء

45 دکان پر موجود سامان کی زکوۃ کا حساب

سوال: دکان میں موجود سامان کم قیمت میں خرید اتھا اب ریٹ بڑھ گیا تو زکوۃ کس حساب سے دیں؟

User ID: بہار مدینہ عطر

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

دکان میں موجود مال تجارت پر زکوۃ قیمت خرید کے حساب سے نہیں ہوگی بلکہ نصاب کا سال مکمل ہونے پر مارکیٹ میں جو اس کی قیمت ہوگی اس کا اعتبار ہوگا۔ بہار شریعت میں ہے:"مال تجارت میں سال گزرنے پر جو قیمت ہوگی اس کا اعتبار ہوگا۔" (بہار شریعت، جلد1، صفحہ 907)

فتاوی امجدیہ میں ہے:"مال تجارت کی زکوۃ دینے کے لئے اس کی قیمت لگوالی جائے پھر اس کا چالیسواں حصہ زکوۃ دی جائے۔"

(ماخوذا: فتاوی امجدیہ، جلد1، صفحہ 378)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

02 شعبان المعظم 1444ھ / 23 فروری 2023ء

حج و عمره

الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی آن لائن

46 احرام میں خوشبو

سوال: احرام میں بھولے سے ہاتھ پر عطر لگا لی تو کیا حکم ہے؟ وہ شخص واپس آچکا ہے۔

User ID: ولید حسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حالت احرام میں اگر ہاتھ پر بہت خوشبو لگ جائے تو دم واجب ہوتا ہے اور اگر تھوڑی خوشبو لگے تو صدقہ لازم آتا ہے۔ بہت خوشبو اس کو کہیں گے جس کو دیکھ کر لوگ بہت کہیں۔ معلوم کی گئی صورت میں اگر خوشبو بہت تھی تو دم لازم ہوگا ورنہ صدقہ مگر چونکہ جان بوجھ کر نہیں کیا اس لئے گناہ گار نہ ہوا۔ دم حدود حرم میں دینا واجب ہے لیکن فی الفور دینا یا جس سے احرام کی خلاف ورزی ہوئی اس کا وہاں ہونا ضروری نہیں، اپنے وطن آگئے تو بھی کسی کے ذریعے سے دم کی ادائیگی کی جاسکتی ہے البتہ صدقہ اپنے ملک میں بھی دے سکتے ہیں۔ (ماخوذا: بہار شریعت، جلد1، صفحہ 1163)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوالبنات فرازعطاری مدنی

07رجب المرجب1443ھ/30 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
آن لائن

47

جنابت میں طواف زیارت

سوال: اگر کسی نے جنابت یا حدث میں طواف زیارت کیا تو کیا حکم ہے؟

آزاد دنیا:User ID

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کسی نے حالت جنابت یا حدث اکبر (غسل فرض ہونے کی صورت) میں طواف زیارت کیا یا طواف زیارت کے چار پھیرے کر لیے تو اس پر بدنہ (بڑے جانور کی قربانی) لازم ہے البتہ بارہویں ذوالحجہ کی غروب آفتاب سے پہلے طہارت میں اعادہ کر لیا تو بدنہ ساقط ہو جائے گا اور اگر بارہویں کے بعد اعادہ کیا تو بدنہ ساقط ہو جائے گا لیکن چونکہ بارہویں کے غروب سے پہلے طہارت میں کرنا ضروری ہے لہذا تاخیر کی وجہ سے دم واجب ہو گا۔ اور اگر چار پھیرے سے کم جنابت کی حالت میں کیا تو دم واجب ہے، اگر بارہویں سے پہلے اعادہ کر لیا تو دم ساقط ہو جائے گا اور بارہویں کے بعد اعادہ کیا تو دم ساقط مگر ہر پھیرے کے بدلے ایک صدقہ لازم ہو گا۔ اگر حدث اصغر (بے وضو ہونے کی حالت) میں طواف زیارت پورا یا اکثر کیا تو دم لازم ہو گا، وضو کی حالت میں اعادہ کر لیا تو دم ساقط ہو جائے گا۔ اگر بے وضو تین یا اس سے کم پھیرے کئے تو ہر پھیرے کے بدلے ایک صدقہ دینا ہو گا، باوضو اعادہ کی صورت میں صدقہ ساقط ہو جائے گا۔

(ملخصا: 27 واجبات حج، صفحہ 144 تا 150)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

11 رجب المرجب 1443ھ / 03 فروری 2022

48

دم کا گوشت خود کھانا

سوال: دم کے گوشت میں سے خود کھانا کیسا؟

User ID: ابواحمد قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

دم جو حج یا عمرہ کی مخصوص جنایات (خلاف ورزیوں) پر لازم آتا ہے اس کا گوشت فقراء و مساکین کو صدقہ کرنا ضروری ہے، خود نہیں کھا سکتے۔ بہار شریعت میں ہے: "اور کفارہ کی (قربانی) صرف محتاجوں کا حق ہے۔ (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 1163)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

20 رجب المرجب 1444ھ / 12 فروری 2023ء

49 احرام میں بال ٹوٹ جائیں

سوال: اگر حالت احرام میں پونی کھولتے ہوئے عورت کے بال ٹوٹیں تو کیا حکم ہے؟

User ID: قاری ظفر اقبال اشرفی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حالت احرام میں اگر پونی کھولتے ہوئے کچھ بال ٹوٹ گئے تو ایک صدقہ فطر دینا ہوگا۔ بہار شریعت میں ہے: ”روٹی پکانے میں کچھ بال جل گئے تو صدقہ ہے، وضو کرنے یا کھجانے یا کنگھا کرنے میں بال گرے، اس پر بھی پورا صدقہ ہے اور بعض نے کہا دو تین بال تک ہر بال کے لیے ایک مٹھی ناج یا ایک ٹکڑا روٹی یا ایک چھوہارا۔“ (بہار شریعت، جلد1، صفحہ 1171)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

22 رجب المرجب 1444ھ / 14 فروری 2023ء

50 عمرہ کرنے سے حج کا فرض ہونا

سوال: کیا عمرہ کرنے سے حج فرض ہو جاتا ہے؟ یا شوال میں کرنے سے ہوتا ہے؟

User ID: شبیر شاہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عمرہ چاہے شوال میں کیا جائے یا کسی اور مہینے میں اس سے حج فرض نہیں ہو جاتا بلکہ حج کے فرض ہونے کی اپنی شرائط ہیں جس میں بنیادی شرط صاحب استطاعت ہونا ہے، تو اگر کوئی ایام حج میں صاحب استطاعت ہے اور اس کے ساتھ دیگر شرائط بھی جائیں تو حج فرض ہوگا ورنہ نہیں۔ فیصلہ جات شرعی کونسل میں ہے: "کسی شخص نے ماہ شوال میں عمرہ کیا اور اس کے پاس ایام حج تک وہاں ٹھہرنے اور کھانے پینے کی استطاعت نہ ہو تو اس پر حج فرض نہیں، یونہی اہل وعیال کے نفقہ پر قدرت نہ ہو جب بھی حج فرض نہیں کہ استطاعت زاد اور نفقہ عیال شرط وجوب ہے جو شخص کھانے پینے کی استطاعت نہ رکھتا ہو اگرچہ اس کے پاس حج تک کا ویزا ہو اس پر حج فرض نہ ہوگا۔"

(فیصلہ جات شرعی کونسل، صفحہ 233)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

23 رجب المرجب 1444ھ / 15 فروری 2023ء

51

حالت احرام میں بام

سوال: حالت احرام میں درد کی وجہ سے بام یا وکس لگائی تو کیا حکم ہے؟

User ID: علی خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بام اور اس طرح کے دیگر مرہموں میں عموماً خوشبو نہیں ہوتی لہذا اس کے لگانے میں حرج نہیں لیکن اگر خوشبودار ہو اور آگ کے عمل سے بھی نہ گزرا ہو تو اگر عضو پر بہت سی خوشبو ہو گئی یا کسی بڑے عضو مثلاً ران، پنڈلی وغیرہ کو پورا سان دیا اگرچہ خوشبو تھوڑی ہو تو ان دونوں صورتوں میں دم واجب ہو گا اور اگر تھوڑی خوشبو عضو کے تھوڑے حصے پر ہو تو صدقہ لازم ہو گا۔ بہار شریعت میں ہے: "خوشبو اگر بہت سی لگائی جسے دیکھ کر لوگ بہت بتائیں اگرچہ عضو کے تھوڑے حصہ پر یا کسی بڑے عضو جیسے سر، مونھ، ران، پنڈلی کو پورا سان دیا اگرچہ خوشبو تھوڑی ہے تو ان دونوں صورتوں میں دَم ہے اور اگر تھوڑی سی خوشبو عضو کے تھوڑے سے حصہ میں لگائی تو صدقہ ہے۔"

(بہار شریعت، جلد1، صفحہ 1163)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

24 رجب المرجب 1444ھ / 16 فروری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

AL RAZA QURAN- -FIQH ACADEMY

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

52

عورت اپنے سسر کے ساتھ عمرہ پر

سوال: کیا عورت اپنے سسر کے ساتھ عمرہ پر جا سکتی ہے ؟

User ID: ایھا خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عورت سفر شرعی پر محرم یا شوہر کے بغیر نہیں جا سکتی اور اگر سفر شرعی نہ ہو یا محرم یا شوہر ساتھ ہو تو جائز ہے جبکہ محرم سخت فاسق، بے باک اور اس کے ساتھ سفر باعث وحشت اور خوف نہ ہو۔ سسر چونکہ محرم ہے لہذا عورت کا اپنے سسر کے ساتھ عمرہ کے لئے سفر شرعی کرنا جائز ہے جبکہ بیان کی گئی شرائط موجود ہوں۔ سسر جوان ہو تو ساتھ سفر نہ کرنا بہتر ہے۔ بخاری شریف میں ہے: "لا تسافر المراۃ ثلاثۃ ایام الا مع ذی محرم" ترجمہ: کوئی عورت تین دن کا سفر بغیر محرم کے نہ کرے۔ (بخاری، حدیث 1086)

بہار شریعت میں ہے: "عورت کو بغیر محرم کے تین دن یا زیادہ کی راہ جانا ناجائز ہے بلکہ ایک دن کی راہ جانا بھی۔ نابالغ بچہ یا مَعتُوہ کے ساتھ بھی سفر نہیں کر سکتی، ہمراہی میں بالغ محرم یا شوہر کا ہونا ضروری ہے۔ محرم کے لیے ضرور ہے کہ سخت فاسق بے باک غیر مامون نہ ہو۔ (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 752)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

24 رجب المرجب 1444ھ / 16 فروری 2023ء

53

حج یا عمرہ میں بال کٹوانا ضروری ہے

سوال: حج یا عمرہ کرنے کے لئے بال کٹوانے ضروری ہیں؟

User ID: وکیل مجتبیٰ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حج یا عمرہ کرنے سے پہلے تو بال کٹوانا ضروری نہیں البتہ حج یا عمرہ میں احرام کی پابندیوں سے باہر آنے کے لئے حلق (گنجا ہونا) یا تقصیر (چوتھائی سر کے بال ایک پورے کی مقدار کٹوانا) واجب ہے، عورت حلق نہیں کروائے گی۔ مفتی علی اصغر صاحب اپنی کتاب میں حج کا واجب نمبر 14 لکھتے ہیں: "حلق یا تقصیر کرنا، ویسے تو یہ عمل احرام سے نکلنے کے لئے شرط ہے لیکن الگ سے حج کا ایک واجب بھی ہے۔ (27 واجبات حج، صفحہ 116)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

25 رجب المرجب 1444ھ / 17 فروری 2023ء

54 سفر حج میں نماز میں قصر یا پوری

سوال: حج میں 10 دن عزیزیہ میں رہنا ہو پھر 30 دن مکہ میں اور 10 دن مدینہ میں تو نماز کا کیا حکم ہے جبکہ کوئی ہندوستان سے جا رہا ہو؟

User ID: سیف اللہ شیخ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

معلوم کی گئی صورت میں عزیزیہ اور مکہ میں پوری نماز ادا کرنی ہوگی، اسی طرح منی و مزدلفہ میں بھی پوری نماز ادا کرنی ہوگی البتہ مدینہ پاک میں قصر نماز پڑھی جائے گی۔ تفصیل یہ ہے کہ مکہ ہندوستان سے شرعی مسافت پر ہے اور عزیزیہ مکہ ہی میں ہے لہذا عزیزیہ اور مکہ میں کل ایام 40 ہو گئے جس کی وجہ سے مسافر کی احکام جاری نہیں ہوں گے جبکہ مدینہ پاک میں 10 دن رہنے کی نیت ہے لہذا وہاں مسافر کے احکام جاری ہوں گے اور نماز قصر کر کے پڑھنی ہوگی۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

27 رجب المرجب 1444ھ / 19 فروری 2023ء

نکاح وطلاق

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

55

غیر مدخولہ کو تین طلاق

سوال: غیر مدخولہ کو تین طلاقیں دی جائیں تو کتنی شمار ہوں گی؟

جاوید احمد: User ID

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

غیر مدخولہ کو اگر تین طلاقیں الگ الگ کر کے دی جائیں مثلاً تجھے طلاق تجھے طلاق تجھے طلاق یا تجھے طلاق طلاق طلاق تو ایک ہی طلاق بائن واقع ہو گی اور باقی دو لغو (بے کار) ہو جائیں گی۔ اور اگر ایک ہی جملے سے تین طلاقیں دیں مثلاً تجھے تین طلاقیں تو تینوں واقع ہوں گی۔ عالمگیری میں ہے: " إذا طلق الرجل امراتہ ثلاثا قبل الدخول بھا وقعن علیھا فان فرق الطلاق بانت بِالأُولى و لم تقع الثانیۃ و الثالثۃ و ذلک مثل ان یقول انت طالق طالق طالق۔ الخ" ترجمہ: جب کوئی شخص اپنی غیر مدخولہ بیوی کو تین طلاقیں دے تو اگر الگ الگ طلاق دی تو پہلی سے بائنہ ہو جائے گی اور دوسری اور تیسری واقع نہیں ہو گی جیسا کہ کہا کہ تو طلاق والی ہے طلاق والی ہے طلاق والی ہے۔

(عالمگیری، جلد 1، کتاب الطلاق، باب فی ایقاع الطلاق، صفحہ 349، دار الکتب العلمیہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

09 رجب المرجب 1443ھ / 01 فروری 2023ء

56

نسب باپ کی طرف سے

سوال: اگر والد سید ہوں اور والدہ غیر سید تو بیٹا سید کہلائے گا یا نہیں؟

User ID: حسنین خان قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

انسانوں میں نسب والد کی طرف سے چلتا ہے لہذا والد اگر سید ہو تو اولاد بھی سید ہو گی اگرچہ والدہ غیر سید ہو۔ نبی پاک ﷺ نے فرمایا: "کل بنی آدم ینتمون الی عصبۃ الا ولد فاطمۃ فانا ولیھم وانا عصبتہ" ترجمہ: تمام انسان اپنے ددھیال کی طرف منسوب ہوتے ہیں سوائے فاطمہ کی اولاد کے، کیونکہ ان کا ولی اور سرپرست میں ہوں۔ (معجم کبیر، جلد 3، صفحہ 44)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

12 رجب المرجب 1443ھ/04 فروری 2022

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

57

حرمت مصاہرت میں شہوت

سوال: مس بالشہوۃ میں انتشار آلہ نہ ہو تو حرمت ثابت ہو گی؟

User ID: لیاقت خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

حرمت مصاہرت کے باب میں چھونے اور نظر کرنے سے شہوت کا تحقق اسی وقت ہوتا ہے کہ اگر جوان مرد ہو تو انتشار آلہ ہو جائے یا پہلے سے انتشار ہو تو بڑھ جائے اور اگر بوڑھا، عنین یا عورت ہو تو دل میں حرکت پیدا ہو اور اگر پہلے سے ہو تو زیادہ ہو جائے، صرف میلان نفس کا نام شہوت نہیں۔لہذا معلوم کی گئی صورت میں اگر انتشار نہ ہوا تو حرمت ثابت نہیں ہو گی۔عالمگیری میں ہے:"وحد الشھوۃ فی الرجل أن تنتشر آلتہ أو تزداد انتشارا إن کانت منتشرۃ--ھذا الحد إذا کان شابا قادرا علی الجماع،فإن کان شیخا أو عنینا فحد الشھوۃ أن یتحرک قلبہ بالاشتھاء إن لم یکن متحرکا قبل ذلک ویزداد الاشتھاء إن کان متحرکا" ترجمہ:مرد میں شہوت کی حد یہ ہے کہ انتشارِ آلہ ہو جائے یا پہلے سے منتشر تھا تو بڑھ جائے، یہ حد جوان جماع پر قادر شخص کے لئے ہے، تو اگر بوڑھا یا عنین ہو تو شہوت کی حد یہ ہے کہ دل میں حرکت پیدا ہو جبکہ پہلے متحرک نہ ہو اور اگر پہلے سے متحرک ہو تو حرکت بڑھ جائے۔ (عالمگیری، جلد1، کتاب النکاح، باب المحرمات، صفحہ 303، دار الکتب العلمیہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

12 رجب المرجب 1443ھ/04 فروری 2022

58

عورت کے لئے ایک سے زیادہ نکاح کی ممانعت کی حکمت

سوال: مرد کو چار نکاح کی اجازت ہے تو عورت کو صرف ایک کی کیوں؟

User ID: سید اکرم عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بنیادی بات یہ ہے کہ عورت کو شریعت نے ایک وقت میں ایک نکاح کرنے کی اجازت دی ہے لہذا ہمارا کام سر تسلیم خم کرنا ہے البتہ اس کی ایک حکمت یہ ہے کہ اگر عورت کو ایک سے زیادہ نکاح کی اجازت ہوتی تو اولاد کا نسب مشکوک ہو جاتا اور پتا نہ چلتا کہ اولاد کس شوہر کی ہے کیونکہ نسب مرد کی طرف سے چلتا ہے۔ امام اہلسنت رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "ایک عورت پر دو مردوں کا اجتماع صریح بے حیائی ہے، جسے انسان تو انسان جانوروں میں بھی جو سب سے خبیث تر ہے یعنی خنزیر وہی روا رکھتا ہے۔ حرمت زنا کی حکمت نسب کا محفوظ رکھنا ہے، ورنہ پتا نہ چلے کہ بچہ کس کا ہے۔ اگر عورت سے دو مردوں کا نکاح جائز ہو تو وہی قباحت کہ زنا میں تھی یہاں بھی عائد ہو معلوم نہ ہو سکے کہ بچہ کس کا ہے۔" (فتاوی رضویہ، جلد 11، صفحہ 304، رضا فاؤنڈیشن)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

14 رجب المرجب 1443ھ / 06 فروری 2022

59 سنی کا بد مذہب سے نکاح

سوال: کیا سنی کا نکاح بد مذہب سے ہو سکتا ہے؟

User ID: سید اکرم

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سنی صحیح العقیدہ کا نکاح بد مذہب سے کرنا ناجائز و حرام ہے۔ اگر بد مذہب کی گمراہی حدِ کفر تک ہو تو نکاح منعقد ہی نہیں ہو گا اور اگر حدِ کفر تک نہیں تب بھی نکاح ناجائز و گناہ ہے۔ نبی پاک صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا: "فایاکم وایاھم لایضلونکم ولا یفتنونکم" ترجمہ: تو تم ان (بد عقیدہ لوگوں) سے دور رہو اور ان کو اپنے سے دور رکھو، کہیں وہ تم کو گمراہ نہ کر دیں اور تمہیں فتنے میں نہ ڈال دیں۔ (مسلم، حدیث 7)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

21 رجب المرجب 1444ھ / 13 فروری 2023ء

60 ایک طلاق کے بعد رجوع نہ کیا

سوال: اگر کسی نے ایک طلاق دی اور رجوع نہیں کیا تو کیا عدت کے بعد دوسری طلاق خود ہو جاتی ہے؟

User ID: محمد مرتضی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

اگر واقعی کسی نے اپنی بیوی کو ایک طلاق دی تو یہ دیکھا جائے گا طلاق رجعی ہے یا بائن۔ اگر رجعی ہو تو عدت کے اندر رجوع کرنے کا حق ہوتا ہے، اگر رجوع کر لیا تو دوبارہ نکاح کرنے کی حاجت نہیں اور اگر رجوع نہ کیا اور عدت گزر گئی تو رجعی طلاق بھی بائن ہو گئی یا عورت کو طلاق ہی بائنہ دی تو اب عورت نکاح سے فوراً باہر ہو جائے گی، اب اگر ساتھ رکھنا چاہتا ہے تو نئے مہر کے ساتھ نیا نکاح کرنا ہو گا لیکن عدت گزرنے کے بعد رجوع نہ کیا یا دوبارہ نکاح نہ کیا تو خود بخود دوسری طلاق نہیں ہو گی۔ یہاں یہ یاد رہے کہ رجوع ایک یا دو طلاقوں کے بعد ہی ہو سکتا ہے، تین طلاقیں دے دیں چاہے ایک ساتھ یا الگ الگ اب رجوع نہیں ہو سکتا نیز رجوع کے بعد دی جانے والی طلاق ختم نہیں ہو جائے گی بلکہ اب ایک یا دو طلاق ہی کا اختیار باقی رہ جائے گا۔ (کتب فقہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

22 رجب المرجب 1444ھ / 14 فروری 2023ء

61

سوتیلی ماں کی بہن سے نکاح

سوال: سوتیلی ماں کی بہن اور سوتیلی ماں کی بیٹی سے نکاح کرنا کیسا؟

User ID: سید احسان اللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سوتیلی ماں کی بہن اور بیٹی جو دوسرے شوہر سے ہو اس سے نکاح کرنا جائز ہے جبکہ حرمت کی کوئی اور وجہ (رضاعت یا مصاہرت وغیرہ) نہ ہو۔ در مختار میں ہے: "واما بنت زوجة ابیه۔۔فحلال" ترجمہ: باپ کی زوجہ کی بیٹی (جو دوسرے شوہر سے ہو) حلال ہے۔

(در مختار، کتاب النکاح، صفحہ 179، دار الکتب العلمیہ)

فتاوی رضویہ میں ہے: "سوتیلی ماں کی حقیقی ماں یا بہن یا بیٹی سب سے نکاح جائز ہے۔" (فتاوی رضویہ، جلد 11، صفحہ 335)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

23 رجب المرجب 1444ھ / 15 فروری 2023ء

62

غیر مسلم یا بد مذہب سے نکاح پڑھوانا

سوال: غیر مسلم یا بد مذہب نے نکاح پڑھایا تو نکاح مانا جائے گا یا نہیں؟

User ID: محمد امان الرحمن رضوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

غیر مسلم یا بد مذہب سے نکاح پڑھوانے کی اجازت نہیں لیکن اگر کسی نے پڑھا دیا تو نکاح منعقد ہو جائے گا کیونکہ نکاح پڑھانے والا وکیل ہوتا ہے اور وکیل کے لئے اسلام شرط نہیں۔ فتاوی رضویہ میں ہے: اس (مرتد) سے نکاح پڑھوانا ہرگز نہ چاہئے کہ مرتد کے پاس تک بیٹھنا شرعا معیوب ہے۔۔۔ مگر پڑھائے گا تو نکاح صحیح ہو جائے گا کہ اگر وہ صرف الفاظ ایجاب وقبول کہلوانے والا ہے، کہنے والے خود عاقدین یا ان کے اولیاء یا وکلاء جب تو ظاہر کہ اسے عقد سے کوئی علاقہ نہیں، تو اس کے کفر واسلام یا بلوغ یا عدمِ بلوغ سے عقد پر کیا اثر ہو سکتا ہے اور اگر وکیل بھی ہو کہ خود ہی ایجاب یا قبول کرے گا تاہم صحتِ وکالت کے لیے اسلام خواہ بلوغ شرط نہیں، عاقل ہونا درکار، وہ حاصل ہے۔

(فتاوی رضویہ، جلد 11، صفحہ 172، 173)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

25 رجب المرجب 1444 ھ / 17 فروری 2023ء

63

کتابیہ سے مسلمان کا نکاح

سوال: کیا مسلمان کرسچن عورت سے شادی کر سکتا ہے؟

User ID: اسد علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

آج کے دور میں اہل کتاب (یہود و نصاری) کی ایک بڑی تعداد دہریت کی طرف مائل ہے لہذا ان سے تو نکاح کرنا باطل ہے، اگر کیا تو ہوگا ہی نہیں، اور اگر دہریہ نہ بھی ہو تو بھی کتابیہ سے نکاح کرنا ناجائز ہے کیونکہ فی زمانہ اہل کتاب سارے حربی ہیں اور حربی سے نکاح کرنا ناجائز ہے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "کتابیہ سے نکاح کا جواز عدم ممانعت وعدم گناہ صرف کتابیہ ذمیہ میں ہے جو مطیع الاسلام ہو کر دارالاسلام میں مسلمانوں کے زیر حکومت رہتی ہو وہ بھی خالی از کراہت نہیں بلکہ بے ضرر مکروہ ہے۔۔۔ مگر کتابیہ حربیہ سے نکاح یعنی مذکورہ جائز نہیں بلکہ عند التحقیق ممنوع و گناہ ہے۔"

(فتاوی رضویہ، جلد 11، صفحہ 402)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

01 شعبان المعظم 1444ھ / 22 فروری 2023ء

قسم

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
آن لائن

64

غیر اللہ کی قسم کھانا

سوال: اس طرح قسم کھانا کیسا کہ اگر یہ کام نہ کروں تو مجھے حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی شفاعت نصیب نہ ہو؟

User ID: گلنگار خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قسم صرف اللہ پاک کی ذات اور صفات ہی کی کھائی جا سکتی ہے اس کے علاوہ کسی کی قسم کھانا جائز نہیں اور نہ ہی یہ شرعی قسم ہے لیکن سوال میں مذکور جملہ بہت سخت ہے اس سے بچنا ضروری ہے۔ بدائع الصنائع میں ہے: "اما الیمین بغیر اللہ۔۔ وھو الیمین بالآباء والابناء والانبیاء والملائکۃ صلوات اللہ علیھم والصوم والصلاۃ وسائر الشرائع والکعبۃ والحرم وزمزم والقبر والمنبر ونحو ذلک، ولا یجوز الحلف بشیء من ذلک لما ذکرنا۔۔ ولو حلف بذلک لا یعتد بہ ولا حکم لہ اصلا" ترجمہ: بہر حال غیر اللہ کی قسم کھانا اور وہ باپ، بیٹوں، انبیاء اور فرشتوں، روزے، نماز اور دوسرے دینی احکام، کعبہ، حرم، زمزم، قبر، منبر اور اس جیسی دوسری چیزوں کی قسم کھانا ہے اور ان میں سے کسی بھی چیز کی قسم کھانا ناجائز ہے، اس وجہ سے جو ہم نے ذکر کر دیا اور اگر اس طرح کسی نے قسم کھائی بھی تو وہ قسم کھانے والا نہیں کہلائے گا اور اس قسم کا بالکل کوئی حکم نہیں ہو گا۔

(بدائع الصنائع، جلد 3، صفحہ 21، دار الکتب العلمیہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

29 رجب المرجب 1444ھ / 21 فروری 2023ء

کاروبار

65

پیسے رکھوا کر نفع لینا

سوال: ایک دکاندار کو ایک لاکھ روپے دیے اور کہا کہ اپنے کاروبار میں استعمال کرو اور ہر ماہ نفع دیتے رہنا، ایسا کرنا کیسا؟

User ID: عمر علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

سوال میں معلوم کی گئی صورت سود پر مشتمل ہونے کی وجہ سے ناجائز و گناہ ہے اور یہ صورت ہمارے معاشرے میں بہت پائی جاتی ہے، اس سے توبہ لازم ہے اور نفع لیا ہو تو بغیر ثواب کی نیت کے شرعی فقیر کو صدقہ کرنا ضروری ہے۔ اس کے ناجائز ہونے کی وجہ یہ ہے کہ جو پیسے دکاندار کو دیے اس کی حیثیت قرض کی ہے اور اس پر ملنے والا مشروط نفع قرض کے بدلے میں ہے جو کہ خالص سود ہے۔ اس کا درست طریقہ یہ ہے کہ دکاندار دار اپنی بھی رقم ملالے اور نئے مال میں دونوں کی شراکت ہو جائے اور نفع طے ہو جائے اور نقصان ان کی انویسمنٹ کے مطابق ہو گا۔

نوٹ: اس کی مزید تفصیل سمجھنے کے لئے دار الافتاء تشریف لائیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

15 رجب المرجب 1444ھ / 07 فروری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

خواتین کے مسائل

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

66

مخصوص ایام ختم ہونے کے ایک ہفتے بعد بلیڈنگ

سوال: مخصوص ایام ختم ہونے کے ایک ہفتے بعد پاؤں پھسلنے کی وجہ سے بلیڈنگ شروع ہو گئی تو کیا غسل ضروری ہے؟

User ID: محمد فیضان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

مخصوص ایام ختم ہونے کے بعد دوسرے حیض کے لئے کم از کم 15 دن کا وقفہ ضروری ہے جس کو نصاب طہارت کہتے ہیں، اگر طہارت کے 15 دن گزرنے سے پہلے دوبارہ خون آجائے تو یہ حیض نہیں ہو گا۔ معلوم کی گئی صورت میں آنے والا خون حیض نہیں لہذا غسل فرض نہیں البتہ وضو ٹوٹ جائے گا اور کپڑے پر لگا تو وہ ناپاک ہو جائیں گے۔ در مختار میں ہے: ”واقل الطهر بين الحيضين او النفاس و الحيض خمسة عشر یوما ولیالیها اجماعا“ ترجمہ: دو حیضوں یا حیض و نفاس کے درمیان طہارت کی کم از کم مدت بالاجماع پندرہ دن رات ہے۔

(در مختار مع شامی، جلد 1، کتاب الطہارۃ، ص 526، دار المعرفہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

16 رجب المرجب 1444ھ / 08 فروری 2023ء

67 طلاق کی عدت میں شوہر کا انتقال

سوال: عورت اگر طلاق کی عدت گزار رہی ہو اور شوہر کا انتقال ہو جائے تو اب کون سی عدت ہو گی؟

User ID: عمیر رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عورت اگر حاملہ نہ ہو اور طلاق رجعی کی عدت میں ہو اور شوہر کا انتقال ہو جائے تو اب عورت نئے سرے سے عدت وفات گزارے گی یعنی 4 ماہ 10 دس پورے کرے گی اس لئے کہ اگر شوہر نے ایک یا دو طلاق رجعی دی ہو تو عورت عدت کے ختم ہونے تک شوہر کے نکاح ہی میں رہتی ہے تو یہ ایسے ہی ہو گیا جیسے نکاح میں ہوتے ہوئے شوہر کا انتقال ہو جائے۔ اور اگر غیر حاملہ طلاق بائن یا طلاق مغلظہ (تین طلاقوں) کی عدت میں تھی اور شوہر کا انتقال ہوا تو اگر شوہر نے حالت صحت میں طلاق دی تھی تو عورت طلاق والی عدت گزارے گی اور اگر مرض الموت میں طلاق دی تھی تو اگر زوجہ کی رضا کے ساتھ دی تو بھی عدت طلاق گزارے گی اور اگر زوجہ کی رضا کے بغیر دی تو عدت وفات و طلاق میں جو دراز ہو وہ گزارے گی یعنی 4 ماہ 10 دن سے پہلے عدت طلاق مکمل ہو جائے تو 4 ماہ 10 دن (یا 130 دن) مکمل کرے اور اگر 4 ماہ 10 دن گزر گئے اور عدت طلاق مکمل نہیں ہوئی تو عدت طلاق مکمل ہونے کا انتظار کرے۔ عورت اگر حاملہ ہو تو بہر صورت عدت وضع حمل ہے۔ (ملخصا: فتاوی رضویہ، ج 13، ص 313، رضا فاؤنڈیشن، بدائع الصنائع، ج 3، ص 200، دار الکتب العلمیہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

16 رجب المرجب 1444 ھ / 08 فروری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

68

حیض کا رنگ چیک کرنے کے بعد خشک ہونے پر سفید

سوال: حیض میں بظاہر خون بند ہو گیا مگر جب چیک کیا جائے تو مٹیلا ہوتا ہے جو خشک ہونے کے بعد سفید ہو جاتا ہے تو کیا اس کو حیض ہی مانیں گے؟

User ID: بنت ذوالفقار

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حیض کی مدت میں اگر کپڑے وغیرہ پر حیض کے رنگوں میں سے کوئی رنگ ہو تو گیلے پن کی حالت کا اعتبار ہو گا یعنی چیک کرنے پر تر حالت میں اگر مٹیلا رنگ ہو تو حیض کے ایام میں حیض کی شمار ہو گا اگرچہ سوکھنے کے بعد سفید ہو جائے۔ عالمگیری میں ہے:"وانما یعتبر اللون علی الکرسف حین یرفع وھو طری لاحین یجف ھکذا فی المحیط ۔۔ لو رات حمرۃ او صفرۃ فاذا یبست ابیضت تعتبر حالۃ الرویۃ لا حالۃ التغییر ھکذا فی التبیین" ترجمہ: اور بے شک روئی (وغیرہ) پر رنگ کا اعتبار اس وقت کا ہو گا جب اس کو ہٹایا اور وہ گیلے پن کی حالت میں تھی نہ کہ سوکھنے کے وقت کا اعتبار ہے ایسا ہی محیط میں ہے۔۔ اگر روئی وغیرہ میں سرخی یا زردی دیکھی اور سوکھنے کے بعد وہ سفید ہو گئی تو دیکھنے کے وقت کا اعتبار ہو گا نہ کہ بدلنے کا۔ (فتاوی عالمگیری، جلد 1، کتاب الطہارۃ، باب الدماء المختصۃ بالنساء، صفحہ 41، دار الکتب العلمیہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

17 رجب المرجب 1444ھ / 09 فروری 2023ء

69

مرد ڈاکٹر سے آپریشن

سوال: اگر کسی عورت کے لئے آنکھ اور ناک کا آپریشن ضروری ہو تو کیا مرد سے کروایا جاسکتا ہے؟

User ID: احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر واقعی عورت کو آنکھ یا ناک کے آپریشن کی ضرورت ہو تو اولا یہی کوشش ہونی چاہیے کہ لیڈی ڈاکٹر سے کروایا جائے، اگر لیڈی ڈاکٹر یا اس کام کی ماہر ڈاکٹر نہیں ملتی تو ضرورتا مرد ڈاکٹر سے علاج کروانا جائز ہے لیکن اس صورت میں چہرے کا اتنا ہی حصہ کھولا جائے جتنی ضرورت ہے۔ مفتی امجد علی اعظمی لکھتے ہیں: "اجنبیہ عورت کی طرف نظر کرنے میں ضرورت کی ایک صورت یہ بھی ہے کہ عورت بیمار ہے اس کے علاج میں بعض اعضا کی طرف نظر کرنے کی ضرورت پڑتی ہے بلکہ اس کے جسم کو چھونا پڑتا ہے۔ مثلاً نبض دیکھنے میں ہاتھ چھونا ہوتا ہے یا پیٹ میں ورم کا خیال ہو تو ٹٹول کر دیکھنا ہوتا ہے یا کسی جگہ پھوڑا ہو تو اسے دیکھنا ہوتا ہے بلکہ بعض مرتبہ ٹٹولنا بھی پڑتا ہے اس صورت میں موضع مرض کی طرف نظر کرنا یا اس ضرورت سے بقدرِ ضرورت اس جگہ کو چھونا، جائز ہے۔۔۔ علاج کی ضرورت سے نظر کرنے میں بھی یہ احتیاط ضروری ہے کہ صرف اتنا ہی حصہ بدن کھولا جائے جس کے دیکھنے کی ضرورت ہے باقی حصہ بدن کو اچھی طرح چھپا دیا جائے کہ اس پر نظر نہ پڑے۔" (بہار شریعت، جلد 3، صفحہ 447)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

17 رجب المرجب 1444ھ / 09 فروری 2023ء

70 عورت کا مسجد نبوی میں اعتکاف

سوال: کیا عورت مسجد نبوی شریف میں عورت والے حصے میں اعتکاف کر سکتی ہے؟

User ID: ایھا خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عورت کو مسجد میں اعتکاف کرنے کی اجازت نہیں چاہے کوئی بھی مسجد ہو، عورت اعتکاف کرنا چاہے تو مسجدِ بیت (گھر کی مسجد) ہی میں کرے گی۔ در مختار میں ہے: "لبث امراۃ فی مسجد بیتھا ویکرہ فی المسجد" ترجمہ: مسجد بیت میں عورت کا ٹھہرنا اعتکاف ہے اور عورت کا مسجد میں اعتکاف کرنا مکروہ ہے۔

(در مختار، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، صفحہ 152)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

23 رجب المرجب 1444ھ / 15 فروری 2023ء

71

عورت کا ریزر استعمال کرنا

سوال: عورت کا موئے زیر ناف کاٹنے کے لئے ریزر کا استعمال کرنا کیسا؟

User ID: ام کلثوم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

عورت کا موئے زیر ناف وغیرہ صاف کرنے لے لئے ریزر کا استعمال کرنا جائز ہے کیونکہ اصل مقصد بال صاف کرنا ہے اور وہ کسی بھی جائز طریقے سے حاصل ہو سکتا ہے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: " مونڈنا، کترنا، اکھیڑنا، نورہ لگانا سب صورتیں جائز ہیں کہ مقصود اس موضع کا پاک کرنا ہے اور وہ سب طریقوں میں حاصل۔"

(فتاوی رضویہ جلد22، صفحہ600)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

25 رجب المرجب 1444ھ / 17 فروری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

72 عورت کا کھلے آسمان کے نیچے نماز پڑھنا

سوال: کیا عورت کھلے آسمان کے نیچے نماز پڑھ سکتی ہے؟

User ID: حسان خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عورت کا کھلے آسمان کے نیچے نماز پڑھنا جائز ہے جبکہ کسی نامحرم کی نظر پڑنے کا اندیشہ نہ ہو البتہ عورت کے لئے افضل یہ ہے کہ بند کمرے میں نماز پڑھے۔ مفتی علی اصغر صاحب لکھتے ہیں: ”عورت کا چھت پر نماز پڑھنا جائز ہے جبکہ بے پردگی نہ ہو۔ مثلاً چھت پر اگر اتنی اونچی باؤنڈری وال ہے کہ کھڑے ہو کر دیکھیں تو دوسروں کے گھروں پر نظر نہیں پڑتی اور دوسروں کی نظر بھی اس عورت پر نہیں پڑے گی تب تو کوئی گناہ نہیں لیکن عورت کا بند کمرے میں نماز پڑھنا افضل ہے۔“ (ماہنامہ فیضان مدینہ، اپریل 2021)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

27 رجب المرجب 1444ھ / 19 فروری 2023ء

73

انٹرنل چیک اپ کی وجہ سے غسل

سوال: ڈاکٹر اگر کسی آلہ پر دوا لگا کر عورت کا انٹرنل چیک اپ کرے تو کیا عورت پر غسل فرض ہو گا؟

User ID: خاک پائے مرشد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

شرعی اجازت کے بغیر انٹرنل چیک اپ کروانا جائز نہیں کہ اس میں عورت کو شرمگاہ کھولنی پڑتی ہے اور بلا حاجت شرعی عورت کا اپنی شرمگاہ کھولنا کسی عورت کے سامنے بھی جائز نہیں، بہر حال اگر عورت نے انٹرنل چیک اپ کروایا اور اس کے سبب اس کو انزال ہو گیا تو غسل فرض ہو گا ورنہ نہیں۔ بہار شریعت میں ہے: "عورت نے اپنی فرج میں انگلی یا جانور یا مردے کا ذکر یا کوئی چیز ربڑ یا مٹی وغیرہ کی مثل ذکر کے بنا کر داخل کی تو جب تک انزال نہ ہو غسل واجب نہیں۔" (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 323)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

02 شعبان المعظم 1444ھ/23 فروری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

جائز و ناجائز

74 سافٹ ویئر کا کریک ورژن

سوال: کسی سوفٹ ویئر کا کریک ورژن استعمال کرنا کیسا؟

User ID: ابو حمران

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

کمپنی کی طرف سے عموما سوفٹ ویئر کریک کرنے کی اجازت نہیں ہوتی اور کوئی کرے تو قانونی کاروائی کا اندیشہ ہوتا ہے، لہذا اگر کسی کمپنی کا سوفٹ کریک کرنے میں پکڑے جانے کا قوی اندیشہ ہو تو ایسا کرنا جائز نہیں ہوگا۔ اعلی حضرت رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "کسی جرم قانونی کا ارتکاب کرکے اپنی آپ کو ذلت پر پیش کرنا بھی منع ہے۔"

(فتاوی رضویہ، جلد 29، صفحہ 93، رضا فاؤنڈیشن)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

08 رجب المرجب 1443ھ / 31 جنوری 2023ء

75 غیر مسلم کو دم کرنا

سوال: غیر مسلم کو قرآن پاک کی آیت پڑھ کر دم کرنا کیسا؟

User ID: بلال احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قرآن کی آیت یا سورت پڑھ کر غیر مسلم کو دم کرنا جائز ہے۔ شارح بخاری مفتی شریف الحق امجدی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "کسی کافر کی شفا کیلئے قرآن مجید پڑھ کر اس پر پھونکنا جائز ہے اور احادیث سے ثابت ہے۔ایک صحابی نے بچھو یا سانپ کے ڈنسے ہوئے کافر پر سورہ فاتحہ پڑھ کر دم فرمایا اور اجرت میں تیس (۳۰) بکریاں لیں، حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں عرض کیا تو اسے جائز رکھا۔

(فتاوی شارح بخاری، کتاب العقائد، جلد 2، صفحہ 552، دائرۃ البرکات)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ
ابوالبنات فراز عطاری مدنی
09 رجب المرجب 1443ھ / 01 فروری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

آن لائن الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

76 خریداری پر Super Coin

سوال: آن لائن شاپنگ میں کبھی سپر کوئن ملتا ہے جس کو استعمال کرنے پر چیز کم پیسوں میں خرید سکتے ہیں، اس کا استعمال کرنا کیسا؟

User ID: ابو سعید رضا قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

آن لائن شاپنگ میں ملنے والے کوئن کی حیثیت انعام کی ہے کہ اس کی بنیاد پر بعد میں شاپنگ کرنے پر ڈسکاؤنٹ دیا جاتا ہے، لہذا اس کا استعمال جائز ہے جبکہ آن لائن شاپنگ جائز طریقے سے جائز چیزوں کی ہو۔ اس کوئن میں سود یا جوئے کا پہلو نہیں کیونکہ نہ یہ قرض پر مشروط نفع ہے نہ اس میں مال کو خطرے میں ڈالنا ہے۔ لغۃ الفقہاء میں انعام کی تعریف میں ہے: "اعطاء شیئ بغیر عوض صلۃ و تقربا و اکراما" ترجمہ: بغیر کسی بدلے کے کسی کو بطور صلہ و اکرام کے کچھ دینا انعام ہے۔ (معجم لغۃ الفقہاء، صفحہ 493)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

10 رجب المرجب 1443ھ / 02 فروری 2022

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

77

غیر مسلم ماسی رکھنا

سوال: گھر میں غیر مسلم ماسی رکھنا کیسا؟ اس سے برتن دھلوانا کیسا؟

User ID: سعدان

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

گھر میں کام کے لئے غیر مسلم ماسی رکھنے سے بچنا چاہیے کیونکہ غیر مسلم عورت سے نہ صرف مرد کو پردے کی پابندیوں کالحاظ رکھنا ہے بلکہ مسلمان عورت کا بھی اس سے پردہ ہے اور گھر میں رہتے ہوئے خصوصا عورت کو پردے کا اہتمام کرنا مشکل ہوتا ہے، اسی طرح گھر میں بعض اوقات ماسیوں کے ساتھ گھریلو اور دوستانہ تعلقات بھی قائم ہوجاتے ہیں اور غیر مسلم سے ایسے تعلقات قائم کرنا بحکم قرآنی ناجائز ہے۔اسی طرح غیر مسلم ناپاکیوں سے بچنے کا اہتمام نہیں کرتے،ایسی حالت میں ان برتن اور کپڑے دھلوانا طبعی طور پر کراہت سے خالی نہیں ہوگا۔ بہر حال اگر کوئی ان سے پردے کی احتیاط رکھتے ہوئے ذاتی تعلقات قائم نہ کرے تو غیر مسلم غیر مرتدہ کو اجیر رکھنا جائز ہے۔اعلی حضرت رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:"شریعت کا تو یہ حکم ہے کہ کافرہ عورت سے مسلمان عورت کو ایسا پردہ واجب ہے جیسا انہیں مرد سے۔" (فتاوی رضویہ، جلد23، صفحہ692، رضا فاؤنڈیشن)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

11 رجب المرجب 1443ھ / 03 فروری 2022

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

78 بے وضو آیت کا ترجمہ لکھنا

سوال: قرآن پاک کی آیت یا ترجمہ لکھنے کے لئے وضو ہونا ضروری ہے؟

User ID: عاصم مہر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بے وضو قرآن پاک کی آیت یا اس کے ترجمہ کو صفحہ وغیرہ پر لکھنا منع ہے کیونکہ اس صورت میں آیت یا ترجمہ پر یا اس پر صرف آیت یا ترجمہ لکھا ہو تو صفحہ پر بے وضو ہاتھ مس ہونے کا قوی اندیشہ ہے اور بے وضو قرآن کی آیت یا ترجمہ کو چھونا جائز نہیں، اسی طرح صفحہ پر صرف قرآن کی آیت یا ترجمہ ہو تو اس کو چھونا بھی جائز نہیں ہوتا۔ اگر کسی کو بہت زیادہ حاجت ہو مثلا امتحان میں لکھنا ضروری ہے تو درمیان میں ایک اور صفحہ اس طرح رکھ لیا جائے کہ ہاتھ اس صفحہ پر نہ لگے جس پر آیت یا ترجمہ لکھ رہا ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

11 رجب المرجب 1443ھ / 03 فروری 2022

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

79 تصویر والے کھلونے

سوال: بچوں کے کھیلنے کے لئے پلاسٹک کے جانور، کارٹون والے کھلونوں کا کیا حکم ہے؟

User ID: عبید الرضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

تصویر والے کھلونوں کو خریدنا اور بچوں کا ان سے کھیلنا بھی جائز ہے مگر یہ یاد رہے کہ ان کھلونوں میں میوزک نہ ہو اور ان کو تعظیم کے ساتھ سجا کر نہ رکھا جائے۔ مفتی امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "رہا یہ امر کہ ان (تصویر والے) کھلونوں کا بچوں کو کھیلنے کے لئے دینا اور بچوں کا ان سے کھیلنا یہ ناجائز نہیں کہ تصویر کا بروجہ اعزاز مکان میں رکھنا منع ہے نہ کہ مطلقاً یا بروجہ اہانت بھی۔" (فتاوی امجدیہ، ج4، ص233، مکتبہ رضویہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

12 رجب المرجب 1443ھ / 04 فروری 2022

80

میرج بیورو کا کام

سوال: میرج بیورو کا کام کرنا کیسا؟

User ID: محمد عبد اللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

میرج بیورو کا کام کرنا جائز ہے اور اس کی آمدنی بھی حلال ہے جبکہ اس کے شرعی تقاضوں کو پورا کیا جائے۔ میرج بیورو والے عموماً دو پارٹیوں کو ملانے کا کام کرتے ہیں لہذا ضروری ہے کہ میرج بیورو والوں کو کام پہلے سے سپرد کیا جائے اور کام ملنے پر وہ بھاگ دوڑ اور عملی محنت کریں، اسی طرح ان کی اجرت پہلے سے طے اور عرف کے مطابق ہو۔ یہاں ایک بات ذہن نشین رہے کہ میرج بیورو والے بعض باتیں فریقین سے چھپاتے ہیں مثلاً کسی ایک کا بد مذہب ہونا ظاہر نہیں کرتے، چند پیسوں کے لئے ایسا ہرگز نہ کیا جائے۔ (ماخوذ از: ماہنامہ فیضان مدینہ، ربیع الثانی 1440)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ
ابو البنات فراز عطاری مدنی
12 رجب المرجب 1443ھ / 04 فروری 2022

81

خون دینا جائز دوسرے اعضاء ناجائز

سوال: جب خون دے سکتے ہیں تو گردہ کیوں نہیں؟

User ID: عدیل جٹ

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

خون کے بارے میں بھی اصل حکم تو ممانعت کا ہے لیکن خون کی ضرورت روزانہ کی بنیاد پر ہزاروں افراد کو پڑتی ہے اور خون کی کمی اور اس کا کثرت سے نکلنا عموما جان لیوا ثابت ہوتا ہے لہذا قرآن و حدیث کے اصولوں کی روشنی میں اس کی اجازت دی گئی کیونکہ فقہ کا قاعدہ ہے کہ ضرورت ممنوعِ شرعی کو مباح ضرور کرتی ہے مگر بقدر ضرورت۔ دیگر اعضاء میں خون جیسی ضرورت نہیں مثلا اس کے واقعات اتنے نہیں، عموما جان لیوا نہیں ہوتے مثلا ایک گردہ خراب ہو جائے تو کئی ایسے افراد ہیں جو ایک ہی گردے پر زندگی گزارتے ہیں، آنکھوں کے بغیر زندگی گزارنا ممکن ہے یہ جان لیوا نہیں، اسی طرح خون دینے والے کا خون مختلف طریقوں سے بڑھ جاتا ہے جبکہ اعضاء میں ایسا نہیں، اس وجہ سے خون لینے دینے کی اجازت ہے اور دیگر اعضاء کو ڈونیٹ کرنا ممنوع و ناجائز ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

14 رجب المرجب 1443ھ/06 فروری 2022

82

ہوائی فائرنگ میں قتل

سوال: ہوائی فائرنگ میں کوئی قتل ہو جائے تو کیا حکم ہے؟

User ID: شعیب برکی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ہوائی فائرنگ بلا اجازت شرعی جائز نہیں۔ اس میں اگر لاپرواہی کی گئی اور کوئی گولی لگنے سے مر گیا تو سخت گناہ گار ہو گا اور دیت بھی لازم ہو گی۔ اگر لاپرواہی سے گولی نہیں چلائی اس کے باوجود کسی کو گولی لگ تو اس صورت میں بھی دیت لازم ہے۔ فتاوی عالمگیری میں ہے: "ثم الدیۃ تجب فی قتل الخطاو ماجری مجراہ وفی شبہ العمد وفی القتل بسبب۔۔ وھذہ الدیات کلھا علی العاقلۃ الافی قتل الاب ابنہ عمدا فانھافی مالہ فی ثلاث سنین ولاتجب علی العاقلۃ کذافی الجوھرۃ النیرۃ" ترجمہ: پھر دیت قتل خطا، قائم مقام خطا، شبہ عمد اور قتل بالسبب یعنی قتل کی ان چاروں صورتوں میں دیت قاتل کے عاقلہ پر واجب ہو گی سوائے اس صورت کے کہ باپ اپنے بیٹے کو قتل کر دے تو اس کو اپنے مال سے دیت واجب ہو گی جو تین سالوں میں ادا کرنا ہو گی اور اس کے عاقلہ یعنی عصبہ رشتہ داروں پر واجب نہ ہو گی ایسے ہی جوہرہ نیرہ میں ہے۔ (فتاوی عالمگیری، جلد 6 ص 24، مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

14 رجب المرجب 1443ھ / 06 فروری 2022

فقہی مسائل گروپ

83

اسلحہ کی خرید و فروخت

سوال: بغیر لائسنس اسلحہ رکھنا اور اس کی خرید و فروخت کرنا کیسا؟

User ID: عرفان ناظم

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

ملک کے وہ قوانین جو شریعت سے نہیں ٹکراتے ان پر عمل کرنا شرعا بھی ضروری ہے۔بغیر لائسنس اسلحہ رکھنا اور اس کی خرید و فروخت کرنا قانونا جرم ہے لہذا اس کی اجازت نہیں ہو گی اور یہ قانون حکمت کے موافق بھی ہے کہ اس کے بغیر قتل وغارت، چوری وڈکیٹی میں مزید اضافہ ہو گا۔اگر کسی نے بغیر لائسنس اسلحہ کی خرید و فروخت کی اور اس کا مقصد کسی ناجائز کام میں معاونت نہیں تو اس کی کمائی حلال ہو گی۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

14 رجب المرجب 1444ھ /06 فروری 2023ء

آن لائن الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

84

ظالم کی غیبت

سوال: کسی ظالم کی پیٹھ پیچھے برائی کرنا غیبت ہے؟

User ID: وقار احمد لاکھو

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

غیبت کی کچھ جائز صورتیں بھی ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ جو کھلم کھلا گناہ کرتا ہو اور اس معاملے میں لوگوں سے حیانہ کرتا ہو، ایسے شخص کی صرف انھی برائیوں کا بیان کرنا جائز ہے۔اسی طرح ظالم کے ان مظالم کا بیان جو کھلم کھلا کرتا ہو اس کا بیان جائز ہے اور اگر چھپ کر کرتا ہو تو جائز نہیں۔ مفتی امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "جو شخص علانیہ براکام کرتا ہے اور اس کو اس کی کوئی پروانہیں کہ لوگ اسے کیا کہیں گے، اس کی اس بری حرکت کا بیان کرنا غیبت نہیں، مگر اس کی دوسری باتیں جو ظاہر نہیں ہیں ان کو ذکر کرنا غیبت میں داخل ہے۔ حدیث میں ہے کہ "جس نے حیا کا حجاب اپنے چہرے سے ہٹادیا، اس کی غیبت نہیں۔" (بہار شریعت، جلد 3، صفحہ 534)

امیر اہلسنت لکھتے ہیں: "ظالم حاکم کے ان مظالم کا بیان کرنا بھی جائز ہے جو کھلم کھلا کرتا ہو، ہاں ظالم بھی جو برا عمل چھپ کر کرتا ہو اس کا بیان غیبت ہے۔ (غیبت کی تباہ کاریاں، صفحہ 240)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

17 رجب المرجب 1444ھ/09 فروری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

85

بلند آواز سے سورہ ملک پڑھنا

سوال: بعض جگہوں پر لوگ نماز پڑھ رہے ہوتے ہیں اور بلند آواز سے سورہ ملک کی تلاوت شروع ہو جاتی ہے اس کا کیا حکم ہے؟

User ID: گمنام مسافر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

بلند آواز سے سورہ ملک کی تلاوت کرنا بہتر ہے جبکہ کسی کو اذیت نہ ہو نہ ہی کسی کی نماز میں خلل واقع ہو، اگر آواز بلند کرنے میں کسی کو تکلیف ہوتی ہو یا کسی کی نماز میں خلل واقع ہوتا ہو تو بلند آواز سے سورہ ملک کی تلاوت کرنا ناجائز ہے، ایسی صورت میں حکم یہ ہے کہ آواز اتنی آہستہ کر دے کہ نمازی کو تشویش نہ ہو البتہ بعد میں آنے والے نمازیوں اور نوافل پڑھنے والوں کے لئے بہتر یہ ہے کہ پہلے تلاوت سننے کے بعد نماز میں مشغول ہوں یا اتنا دور ہو جائیں کہ تلاوت کی آواز سے نماز میں پریشانی نہ ہو۔ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "قرآن عظیم کی تلاوت آواز سے کرنا بہتر ہے مگر نہ اتنی آواز سے کہ اپنے آپ کو تکلیف یا کسی نمازی یا ذاکر کے کام میں خلل ہو یا کسی جائز نیند سونے والے کی نیند میں خلل آئے یا کسی بیمار کو تکلیف پہنچے یا بازار یا سرا یا عام سڑک ہو یا لوگ اپنے کام کاج میں مشغول ہیں اور کوئی سننے کے لئے حاضر نہ رہے گا، ان صورتوں میں آہستہ ہی پڑھنے کا حکم ہے۔" (فتاوی رضویہ، جلد3، صفحہ382)

اس طرح کے سوال کے جواب میں فرمایا: "بیشک ایسی صورت میں اسے جہر سے منع کرنا فقط جائز نہیں بلکہ واجب ہے کہ نہی عن المنکر ہے۔۔" الخ (فتاوی رضویہ، ج8، ص99)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

17 رجب المرجب 1444ھ / 09 فروری 2023ء

86 تیری ذات میں گم ہے خدائی

سوال: نعت کا یہ مصرعہ "تیری ذات میں گم ہے خدائی" کہنا کیسا؟

User ID: محمد علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اس مصرعہ کو پڑھنے میں کوئی حرج نہیں کیونکہ یہاں خدائی سے مراد مخلوق ہے اور گم ہونے سے مراد عشق مصطفی میں کھو جانا ہے۔ فیروز اللغات اور نیٹ کی مشہور لغت کی ایپ ریختہ میں خدائی کا ایک معنی مخلوق لکھا ہے۔ (فیروز اللغات، صفحہ 313)

فیروز اللغات میں گم ہونا کا معنی لکھا ہے: "کھو جانا، محو ہو جانا۔"

(فیروز اللغات، صفحہ 577)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

25 رجب المرجب 1444ھ / 17 فروری 2023ء

87

مسجد میں بھیک مانگنا

سوال: مسجد میں اپنی ذات کے لئے سوال کرنے والے کو دینا کیسا؟

User ID: عون مومن

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مسجد میں اپنی ذات کے لئے سوال کرنا ناجائز اور ایسے مانگنے والے کو دینا بھی ممنوع ہے البتہ کوئی واقعی مستحق ہو تو اس کو مسجد سے باہر دے سکتے ہیں۔ مفتی وقار الدین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "مسجد میں بھیک مانگنا جائز نہیں، کیونکہ مسجدیں اس لیے نہیں بنائی گئیں کہ ان میں بھیک مانگی جائے، مسجد میں بھیک دینا بھی ممنوع ہے، مسجد سے باہر دے سکتے ہیں۔"

(وقار الفتاوی، جلد 2، صفحہ 274، بزم وقار الدین)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

25 رجب المرجب 1444ھ / 17 فروری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

88 نامحرم سے مصافحہ

سوال: اگر کسی جگہ کا رواج ہو کہ نامحرم مرد و عورت مصافحہ کرتے ہیں تو کیا حکم ہے؟

User ID: ثوبیہ بلوچ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نامحرم مرد و عورت کا ایک دوسرے سے مصافحہ کرنا حرام ہے چاہے کہیں رواج ہی کیوں نہ ہو کیونکہ رسم و رواج وہی جائز ہوتے ہیں جو شریعت سے نہ ٹکراتے ہوں۔ حدیث میں ہے: "لأن يطعن في رأس أحدكم بمخيط من حديد خير له من أن يمس امرأة لا تحل له" ترجمہ: تم میں سے کسی کے سر میں لوہے کی بڑی سوئی چبھو دی جائے، یہ اس سے زیادہ بہتر ہے کہ وہ نامحرم عورت کو چھوئے۔ (المعجم الکبیر للطبرانی، ج20، ح 486)

بہار شریعت میں ہے: "اجنبیہ عورت کے چہرہ اور ہتھیلی کو دیکھنا اگرچہ جائز ہے مگر چھونا جائز نہیں، اگرچہ شہوت کا اندیشہ نہ ہو کیونکہ نظر کے جواز کی وجہ ضرورت اور بلوائے عام ہے چھونے کی ضرورت نہیں، لہذا چھونا حرام ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ ان سے مصافحہ جائز نہیں۔" (بہار شریعت، جلد 3، صفحہ 446)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

28 رجب المرجب 1444ھ / 20 فروری 2023ء

89 جی بی واٹس ایپ

سوال: جی بی واٹس ایپ کا استعمال کرنا کیسا ہے؟

User ID: فیضان رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جی بی واٹس ایپ واٹس ایپ کی نقل پر مشتمل ہے جو محفوظ نہیں اسی وجہ سے پلے اسٹور پر بھی دستیاب نہیں اور دوسرا یہ کہ اس میں بعض فیچرز ایسے ہیں جس کا استعمال شرعا غیر اخلاقی ہے مثلا جب سامنے والا اپنا کوئی میسج ڈیلیٹ کرتا ہے تو اس کے پاس سے ڈیلیٹ ہو جاتا ہے اور اسے ایسا ہی لگتا ہے کہ سامنے والے کے پاس سے بھی ڈیلیٹ ہو گیا مگر جی بی واٹس ایپ میں وہ میسج ڈیلیٹ نہیں ہوتا لہذا یہ فیچر غیر مناسب اور غیر اخلاقی ہے، اسی طرح اسٹیٹس بھی بغیر اجازت کاپی کر لیے جاتے ہیں جبکہ بعض اسٹیٹس پرائیویٹ ہوتے ہیں لہذا جی بی واٹس ایپ کا استعمال ان نیتوں کے ساتھ استعمال کرنا ممنوع ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

29 رجب المرجب 1444ھ / 21 فروری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

90

صدقے کا گوشت

سوال: صدقے کا گوشت کون کون نہیں کھا سکتا؟

User ID: مختار احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نفلی صدقے کا گوشت ہو تو فقیر و غنی سب کھا سکتے ہیں البتہ غنی کو بچنا بہتر ہے جبکہ صدقات واجبہ کا گوشت مثلا دم یا منت وغیرہ کا گوشت صرف شرعی فقیر ہی کھا سکتا ہے۔ بحر الرائق میں ہے: ”لأن النفل یجوز للغنی کما للهاشمی، وأما بقیة الصدقات المفروضة والواجبة کالعشر والکفارات والنذر وصدقة الفطر فلا یجوز صرفها للغنی“ ترجمہ: اس لئے کہ نفلی صدقہ غنی کے لئے جائز ہے جیسا کہ ہاشمی کو جائز ہے بہر حال باقی فرض وواجب صدقات جیسا کہ عشر، کفارے، منت اور صدقہ فطر تو یہ غنی کو دینا جائز نہیں۔

(البحر الرائق، جلد2، کتاب الزکاۃ، باب مصرف الزکاۃ، صفحہ 263، دار الکتب الاسلامی)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

29 رجب المرجب 1444ھ / 21 فروری 2023ء

91

طبیب سے کسی کی غیبت کرنا

سوال: ماہر نفسیات کے سامنے ساری ہسٹری بتانی پڑے تو کیا غیبت کا گناہ ہو گا؟

User ID:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر علاج کی غرض سے سابقہ باتیں بتانی پڑیں تو اس احتیاط سے بتائیں کہ کسی کی پہچان نہ ہو سکے کہ کس کے متعلق بات ہو رہی ہے، کسی کا نام اور رشتہ ظاہر نہ کریں لیکن اگر کسی کا نام وغیرہ ظاہر کیا اور ڈاکٹر ان کو جانتا نہیں تو حرج نہیں کیونکہ اس میں غیبت کا گناہ نہیں۔ امیر اہلسنت علامہ الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ لکھتے ہیں: ”نام لئے بغیر غیبت کرنا گناہ نہیں، ہاں اگر نام تو نہ لیا مگر جس کو کہہ رہا ہے وہ سمجھ رہا ہے کہ کس کے بارے میں بات ہو رہی ہے تو اب غیبت ہے۔“ (غیبت کی تباہ کاریاں، صفحہ 232)

مزید فرماتے ہیں: ” طبیب یا عامل کو بہ نیت حصول علاج عیوب بتانے میں حرج نہیں۔ البتہ فرد معین کا تذکرہ کئے بغیر کام چل جاتا ہو تو چلا لیجئے۔“ (صفحہ 236)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

02 شعبان المعظم 1444ھ/23 فروری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

متفرق

92 لیمو رکھنے سے جنات کا نہ آنا

سوال: کیا ایسا ہے کہ گھر میں لیمو رکھنے سے جنات نہیں آتے؟

User ID: ام انس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اس طرح کے اقوال ملتے ہیں کہ گھر میں لیمو رکھنے سے جنات قریب نہیں آتے۔ چنانچہ امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "قاضی علی بن حسن خلعی کی سوانح حیات میں ہے کہ جنات ان کے پاس آتے رہتے تھے۔ ایک مرتبہ عرصہ دراز تک نہیں آئے تو قاضی صاحب نے ان سے اس کی وجہ پوچھی تو جنوں نے بتایا کہ آپ کے گھر میں لیموں تھا اور ہم ایسے گھر میں نہیں آتے جس میں لیموں ہوتا ہے۔" (لقط المرجان فی احکام الجان، صفحہ 47)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

11 رجب المرجب 1443ھ / 03 فروری 2022

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

93

ویڈیو میں سلام کا جواب

سوال: میں یوٹیوب چینل پر ویڈیو میں سلام کہتا ہوں تو کیا دیکھنے والوں کو جواب واجب ہو گا؟

User ID: علی محمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

اپنی ویڈیوز میں بھی سلام کرنا اچھا اور ثواب کا کام ہے اور اس کا جواب دینا بھی اچھا عمل ہے لیکن چونکہ یہ سلامِ تحیت نہیں ہوتا بلکہ اجتماعی طور پر سب کو سلام کیا جاتا ہے اور اصل مقصود اپنی آگے آنے والی گفتگو ہی ہوتی ہے، لہذا سننے والوں پر جواب واجب نہیں، اگر کسی نے نہ دیا یا کمنٹ میں جواب نہ لکھا تو گناہ گار نہیں ہو گا۔ اگر کسی مخصوص فرد کو سلام کیا اور مقصد صرف اس کا حال چال معلوم کرنا تھا تو سننے والے پر جواب واجب ہو گا۔ (ماخوذا: فتاوی اہلسنت، ریفرنس نمبر Aqs2185)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

13 رجب المرجب 1443ھ / 05 فروری 2022

94 حالت حیض میں جماع سے حمل

سوال: حیض کی حالت میں بیوی سے جماع کیا اور سے حمل رہ جائے تو بچے کا کیا حکم ہے؟
User ID: فیصل عباس

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حیض کی حالت میں بیوی سے جماع کرنا حرام ہے بلکہ ناف سے لے کر گھٹنوں کے نیچے تک کسی قسم کا فائدہ اٹھانا منع ہے، لہذا اس سے توبہ کرنی چاہیے۔ اگر کسی سے ایسا فعل سرزد ہو گیا اور اس سے حمل رہ گیا اور بچہ پیدا ہوا تو وہ بچہ ولد الحرام کہلائے گا ولد الزنا نہیں اور اس بچے کا نسب بھی اپنے باپ سے ثابت ہو گا۔ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "اولادیں بہر حال ولد الحرام ہیں جیسے وہ نطفہ جو حالت حیض میں ٹھہرا مگر ولد الزنا نہیں۔" (فتاوی رضویہ، جلد 11، صفحہ 273)

ایک اور جگہ لکھتے ہیں: "یہ لڑکا ولد الحرام ہے ولد الزنا نہیں اسے حرامی نہیں کہہ سکتے کہ عرف میں حرامی ولد الزنا کو کہتے ہیں اور یہ شرعاً اپنے اسی باپ کا بیٹا ہے۔

(فتاوی رضویہ، جلد 6، صفحہ 539)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

18 رجب المرجب 1444ھ / 10 فروری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

95 انسانی اعضاء کو دفن کرنا

سوال: آپریشن کے بعد کچھ اعضاء نکالے جاتے ہیں جو ڈاکٹر گھر والوں کو دے دیتے ہیں ان کا کیا حکم ہے؟
User ID: قاسم

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

کسی حادثہ یا آپریشن وغیرہ کی وجہ سے انسان کا کوئی عضو جسم سے جدا ہو جائے یا طبی ضرورت کی وجہ سے الگ کرنا پڑے تو اس عضو کو کپڑے میں لپیٹ کر قبرستان میں دفن کر دیا جائے۔ در مختار میں ہے: ”والسقط یلف ولا یکفن“ترجمہ: بدن سے جدا ہو جانے والا عضو کپڑے میں لپیٹ کر (دفن کیا جائے) کفنایا نہ جائے۔

(در مختار، باب صلاۃ الجنازۃ، صفحہ 119، دار الکتب العلمیہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

19 رجب المرجب 1444ھ / 11 فروری 2023ء

96 در مختار کی حیثیت

سوال: در مختار کی احناف کے نزدیک کیا حیثیت ہے؟

User ID: محمد عبد اللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

در مختار، تنویر الابصار کی شرح ہے اور فقہ حنفی کا معتمد متن ہے البتہ مختصر ہونے کے سبب علماء نے فرمایا کہ اس کی شرح فتاوی شامی کو پڑھے بغیر فتوی نہ دیا جائے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

25 رجب المرجب 1444ھ / 17 فروری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

97 چلنے کے آداب

سوال: چلنے کے کچھ آداب بتادیں۔

User ID: سید بہادر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

(۱) اگر کوئی رکاوٹ نہ ہو تو درمیانی رفتار سے راستے کے کنارے کنارے چلیں، نہ اتنا تیز کہ لوگوں کی نگاہیں آپ پر جم جائیں اور نہ اتنا آہستہ کہ آپ بیمار محسوس ہوں۔

(۲) لفنگوں کی طرح گریبان کھول کر اکڑتے ہوئے ہرگز نہ چلیں کہ یہ احمقوں اور مغروروں کی چال ہے بلکہ نیچی نظریں کئے پُروقار طریقے پر چلیں۔ حضرت سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ جب حضورِ پاک ﷺ چلتے تو جھکے ہوئے معلوم ہوتے تھے۔

(۳) راہ چلنے میں پریشان نظری سے بچیں اور سڑک عبور کرتے وقت گاڑیوں والی سمت دیکھ کر سڑک عبور کریں۔ اگر گاڑی آرہی ہو تو بے تحاشا بھاگ نہ پڑیں بلکہ رک جائیں کہ اس میں حفاظت کا زیادہ امکان ہے۔ (سنتیں اور آداب، صفحہ 98،97)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

29 رجب المرجب 1444ھ / 21 فروری 2023ء

98 بچے بچی کا بستر کب الگ کیا جائے

سوال: بچے بچی کا بستر الگ کرنے کے حوالے سے تفصیل درکار ہے۔

User ID: مخدوم علی صابری قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

لڑکے اور لڑکی کی عمر جب دس سال کی ہو جائے تو ان کے بستر الگ کر دینے چاہیے اور ان کو الگ ہی سلانا چاہیے، اسی طرح اتنی عمر کا لڑکا اپنی والدہ یا کسی عورت یا مردوں کے ساتھ نہ سوئے، یونہی لڑکی اس عمر کے بعد اپنے والد اور خواتین کے ساتھ سونے سے احتیاط کرے۔ بہار شریعت میں ہے: "جب لڑکے اور لڑکی کی عمر دس سال کی ہو جائے تو ان کو الگ الگ سلانا چاہیے یعنی لڑکا جب اتنا بڑا ہو جائے اپنی ماں یا بہن یا کسی عورت کے ساتھ نہ سوئے صرف اپنی زوجہ یا باندی کے ساتھ سو سکتا ہے، بلکہ اس عمر کا لڑکا اتنے بڑے لڑکوں یا مردوں کے ساتھ بھی نہ سوئے۔"

(بہار شریعت، جلد 3، حصہ 16، صفحہ 436)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

02 شعبان المعظم 1444ھ /23 فروری 2023ء

99

غوث پاک رفع یدین کرتے تھے

سوال: ہمارے غوث پاک رفع یدین کرتے تھے تو ہم کیوں نہیں کرتے؟

User ID: ناصر الیاس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ہم حضور غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے شریعت میں مقلد نہیں ہیں بلکہ طریقت میں مرید ہیں اور ہم پر مسائل کے معاملے میں اپنے امام اعظم ہی کی پیروی واجب ہے۔ حضور غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ حنبلی تھے بعد میں اللہ پاک نے آپ کو مجتہد مطلق کا مقام عطا فرمایا مگر فتوی آپ فقہ حنبلی کے مطابق دیتے تھے اور فقہ حنبلی میں رفع یدین کیا جاتا ہے اس لئے آپ رحمۃ اللہ علیہ بھی رفع یدین کرتے تھے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "حضور ہمیشہ سے حنبلی تھے اور بعد کو جب عین الشریعۃ الکبری تک پہنچ کر منصب اجتہاد مطلق حاصل ہوا مذہب حنبل کو کمزور ہوتا ہوا دیکھ کر اس کے مطابق فتوی دیا کہ حضور محی الدین اور دین متین کے یہ چاروں ستون ہیں لوگوں کی طرف سے جس ستون میں ضعف آتا دیکھا اس کی تقویت فرمائی۔" (فتاوی رضویہ، جلد 26، صفحہ 433)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

02 شعبان المعظم 1444ھ / 23 فروری 2023ء

وراثت

100

زندگی میں ساری جائیداد بیٹیوں کو دینا

سوال: ایک شخص کی صرف بیٹیاں ہیں بیٹا نہیں اور وہ چاہتا ہے کہ سارا مال بیٹیوں کو اپنی زندگی میں دے دے مگر اس کے بہن بھائی بھی موجود ہیں تو ایسا کرنا کیسا؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر وہ شخص اپنی حیات میں سارا مال بیٹیوں کو دینا چاہتا ہے تو شرعا جائز ہے کیونکہ زندگی میں اپنا مال کسی کو دینا تحفہ ہے، وراثت کے احکام مرنے کے بعد جاری ہوتے ہیں، مگر یہ اس صورت میں ہے کہ بھائی بہنوں یا دیگر ورثا کو محروم کرنے کی نیت نہ ہو، اگر محروم کرنے کی نیت سے ایسا کرے گا تو گناہ گار ہوگا۔ حدیث شریف میں ہے:"من فر من میراث وارثہ قطع اللہ میراثہ من الجنۃ" ترجمہ: جو (بغیر وجہ شرعی) اپنے وارث کی میراث سے بھاگے اللہ پاک جنت سے اس کا حصہ قطع کردے گا۔ (ابن ماجہ، ح2703)

فتاوی رضویہ میں ہے:" اسے اپنی صحت میں وقف کا اختیار ہے جس طرح وقف کرے گی کل یا بعض وقف ہو جائے گی مگر نیت اگر یہ ہے کہ بہنوں کو ترکہ سے محروم کرے تو یہ اگرچہ حق العبد میں گرفتار نہیں کہ صحت مورث میں کسی وارث کا کوئی حق اس کے مال سے متعلق نہیں ہوتا مگر ایسی نیت ضرور مذموم وسخت شنیعہ ہے۔" (جلد16، صفحہ252)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

27 رجب المرجب 1444ھ/19 فروری 2023ء